نور الادب
ترکیب
علی
الجزء الثانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترکیب نحوی کی آسانی کیلئے

لاجواب تحفہ مسمی بہ

نورالادب

ترکیب علی فیض الادب

الجزء الثانی

مؤلف

(مولانا) محمد انور علی نوری مظہر القادری

ناشر

کتب خانہ قادریہ اٹاوا بازار، سدھارتھ نگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَبْدَعَ الْاَفْلَاکَ وَالْاَرَضِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ کَانَ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اَمَّا بَعْدُ

تمرین کیلئے چھوٹے چھوٹے جملے

اَلْغُصْنُ (ڈال) جمع اَغْصَانٌ، غُصُوْنٌ ۔ اَلْخَرِیْطَۃُ (تھیلا، ملک کا نقشہ) جمع خَرَائِطُ۔ اَلْحَرِیْرُ (ریشم) اسم جنس۔ اَلرَّاتِبُ (تنخواہ) جمع رَوَاتِبُ ۔ اَلْکِبْرِیْتُ (دیاسلائی، گندھک) واحد کِبْرِیْتَۃٌ ۔ اَلشَّارِعُ الْمُعَبَّدُ (پختہ سڑک) شَارِعٌ اسم فاعل مؤنث شَارِعَۃٌ جمع شُرُوْعٌ و شُرَّعٌ و شَوَارِعُ مُعَبَّدٌ اسم مفعول از باب تفعیل بمعنی ہموار ہوا ۔ اَلْعَمِیْقُ (گہرا) صفت جمع عُمُقٌ و عَمِیْقٌ و عِمَاقٌ ۔ اَلْقُبَّۃُ (گنبد) جمع قِبَابٌ و قُبَبٌ ۔ اَلْمَوْقِدُ (چولہا) جمع مَوَاقِدُ ۔ اَلرَّخِیْصُ (سستا) جمع رِخَاصٌ۔ اَلدَّرَّاجَۃُ الْبُخَارِیَّۃُ (موٹرسائیکل) جمع اَلدَّرَّاجَاتُ الْبُخَارِیَّۃُ ۔ اَلْکَاسُ (پیالہ) جمع کُؤُوْسٌ ۔ اَلدُّکْتُوْرُ (ڈاکٹر) اَلْعَاصِمَۃُ ۔ (راجدھانی) جمع عَوَاصِمُ۔ اَلْعَتِیْقُ (پرانا، آزاد، عمدہ) جمع عُتُقٌ و عُتَقَاءُ ۔

اَللّٰہُ رَبُّنَا (اللہ ہمارا رب ہے) کلمہ جلالت مبتدا، رَبُّ مضاف، نَا ضمیر جمع متکلم کی متصل مجرور مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ رَسُوْلُنَا خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ (ہمارے رسول آخری نبی ہیں) رسول مضاف نا ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا، خاتم مضاف الانبیاء مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْغُصْنُ یَتَحَرَّکُ (ڈال ہلتی ہے) اَلْغُصْنُ مبتدا یَتَحَرَّکُ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ اَلْبَضُّوْ حَدِیْدَۃٌ

([illegible] تیز ہے) اَلْبَضُّوْ مبتدا حَادِیَۃٌ صفت مشبہ اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلرَّاْسُ قَصِیْرٌ (سر چھوٹا ہے) الرّاس مبتدا قصیر شبہ فعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْبَحْرُ عَمِیْقٌ (دریا گہرا ہے) ماقبل پر قیاس کریں ۔ اَلْفَرَسُ مَرْکُوْبَۃٌ (گھوڑا سواری کا ہے) اَلْفَرَسُ مبتدا مَرْکُوْبَۃٌ اسم مفعول اسمیں ھِیَ ضمیر پوشیدہ اسکا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ مَا ھٰذِہٖ (یہ کیا ہے؟) ما اسم استفہام مبتدا ھٰذِہٖ خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ ھٰذِہٖ دَرَّاجَۃٌ بُخَارِیَّۃٌ (یہ موٹرسائیکل ہے) ھٰذِہٖ اسم اشارہ مبتدا دَرَّاجَۃٌ موصوف بُخَارِیَّۃٌ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ اَلسَّمَاءُ فَوْقَ الْاَرْضِ (آسمان زمین کے اوپر ہے) اَلسَّمَاءُ مبتدا فَوْقَ مضاف الْاَرْضِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ اسم فاعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ فِی الدَّارِ رَجُلٌ (گھر میں مرد ہے) فِیْ حرف جار اَلدَّارِ مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا ثَابِتٌ اسم فاعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم رَجُلٌ مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ فَوْقَنَا سَطْحٌ (ہمارے اوپر چھت ہے) فَوْقَ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا ثابت کا ثَابِتٌ اسم فاعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم سَطْحٌ مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ دَارِیْ قَرِیْبَۃٌ (میرا گھر قریب ہے) دَارِ مضاف ی ضمیر واحد متکلم کی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا قَرِیْبَۃٌ صفت مشبہ اسمیں ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ثَوْبُ الْحَرِیْرِ اَخْضَرُ (ریشم کا کپڑا سبز ہے) ثَوْبُ مضاف الْحَرِیْرِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا اَخْضَرُ شبہ فعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ

اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ
خبریہ ہوا — هٰذَا اللِّجَامُ حَسَنٌ (یہ لگام خوبصورت ہے) هٰذَا اسم اشارہ موصوف
اللِّجَامُ مشار الیہ صفت اسم اشارہ موصوف اپنے مشار الیہ صفت سے مل کر مبتدا حَسَنٌ شبہ
فعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — قَلْبِي مَحْزُوْنٌ (میرا دل غمگین ہے) قلب مضاف ی
ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا مَحْزُوْنٌ اسم مفعول اس میں هُوَ ضمیر
پوشیدہ نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — تِلْكَ الْقُبَّةُ خَضْرَاءُ (یہ گنبد سبز ہے) تِلْكَ اسم اشارہ موصوف
الْقُبَّةُ مشار الیہ صفت اسم اشارہ موصوف اپنے مشار الیہ صفت سے مل کر مبتدا خَضْرَاءُ شبہ
فعل اس میں هِيَ ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — مَا بِيَدِكَ؟ (تیرے ہاتھ میں کیا ہے؟) مَا اسم استفہام
مبتدا، بِ حرف جار یَدِ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار اپنے
مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم
فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ
خبریہ ہوا — بِيَدِي خَرِيْطَةٌ (میرے ہاتھ میں ملکی نقشہ ہے) بِ حرف جار
یَدِ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور
سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتَةٌ کا، ثَابِتَةٌ اسم فاعل اس میں هِيَ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے
فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم خَرِيْطَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا
مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — رَاتِبُ زَيْدٍ قَلِيْلٌ (زید کی
تنخواہ کم ہے) رَاتِبُ مضاف زَيْدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا
قَلِيْلٌ شبہ فعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ
ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — مَنْ أَنْتَ؟ (تو کون ہے؟) مَنْ
اسم استفہام مبتدا أَنْتَ ضمیر واحد مذکر حاضر کی مرفوع منفصل خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا — أَنَا زَيْدٌ (میں زید ہوں) أَنَا ضمیر واحد متکلم کی مرفوع منفصل
مبتدا زَيْدٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَلْكِبْرِيْتُ رَخِيْصٌ
(ماچس سستی ہے) اَلْكِبْرِيْتُ مبتدا رَخِيْصٌ شبہ فعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل

شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —
هٰذَا الشَّارِعُ مُعَبَّدٌ (یہ سڑک پختہ ہے) هٰذَا اسم اشارہ موصوف الشَّارِعُ مشار
الیہ صفت اسم اشارہ موصوف اپنے مشار الیہ صفت سے مل کر مبتدا مُعَبَّدٌ اسم مفعول اس میں
هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا
اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — مَحْمُوْدٌ عَلَى الْوُضُوْءِ (محمود باوضو ہے)
مَحْمُوْدٌ مبتدا عَلٰی حرف جار الْوُضُوْءِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا
ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر
سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَلْمَوْقِدُ
وَسِخٌ (چولہا چوڑا ہے) اَلْمَوْقِدُ مبتدا، وَسِخٌ شبہ فعل اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ
فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ
خبریہ ہوا — زَيْدٌ حَدِيْثُ الْإِسْلَامِ (زید نومسلم ہے) زَيْدٌ مبتدا حَدِيْثُ
مضاف الْإِسْلَامِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر
سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — أَنْتَ دُكْتُوْرٌ (تو ڈاکٹر ہے) أَنْتَ ضمیر مبتدا
دُكْتُوْرٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَلْقِنْدِيْلُ غَالٍ (لالٹین مہنگی ہے)
اَلْقِنْدِيْلُ مبتدا غَالٍ اسم فاعل اس میں ہو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے
مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — إِنِّي
حَدِيْثُ السِّنِّ (بے شک میں نوعمر ہوں) إِنَّ حرف مشبہ بفعل ی ضمیر اس کا اسم
حَدِيْثُ مضاف السِّنِّ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، حرف مشبہ
بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِئْتِ عَلَى الْفَوْرِ (تو جلدی آ) اِئْتِ
فعل امر حاضر معروف اس میں أَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰی حرف جار الْفَوْرِ مجرور، جار
اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا فعل کا، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ
ہوا — اَلْقِرْطَاسُ عَتِيْقٌ (کاغذ پرانا ہے) اَلْقِرْطَاسُ مبتدا عَتِيْقٌ شبہ فعل
اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — صَوْتُكَ شَدِيْدٌ (تیری آواز زوردار ہے)
صَوْتُكَ بترکیب اضافی مبتدا شَدِيْدٌ شبہ فعل اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل
شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

اَلْکَأْسُ غَالِیَۃٌ (پیالہ گراں ہے) اَلْکَأْسُ مبتدا، غَالِیَۃٌ اسم فاعل اسمیں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَلَدِیْ حَبِیْبٌ (میرا لڑکا پیارا ہے) وَلَدِیْ بترکیب اضافی مبتدا حَبِیْبٌ شبہ فعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَلشُّکْرُ حُلْوٌ (شکر میٹھی ہے) اَلشُّکْرُ مبتدا، حُلْوٌ شبہ فعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — یَا اَیُّھَا النَّاسُ (اے لوگو) یَا حرف ندا قائم مقام اُدْعُوْ فعل کے اُدْعُوْ فعل مضارع معروف اسمیں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اِجْتَنِبُوا الْکَذِبَ (بچو تم جھوٹ سے) اِجْتَنِبُوْا فعل امر معروف جمع مذکر حاضر واؤ ضمیر بارز اسکا فاعل اَلْکَذِبَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اِنِّیْ اَعْبُدُ اللّٰہَ (بے شک میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یِ ضمیر اسکا اسم اَعْبُدُ فعل مضارع واحد متکلم اسمیں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ فاعل کلمہ جلالت مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فُلَانٌ عَدِیْمُ الْحَیَاءِ (فلاں بے حیا ہے) فلانٌ مبتدا، عَدِیْمُ الْحَیَاءِ بترکیب اضافی خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ذَالِکَ الرَّجُلُ غَیْرُ مُصَلٍّ (وہ مرد بے نمازی ہے) ذَالِکَ الرَّجُلُ بترکیب توصیفی مبتدا، غیرُ مصلٍّ بترکیب اضافی خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — بَکْرٌ غَیْرُ رَاضٍ عَنِّیْ (بکر مجھ سے ناراض ہے) بَکْرٌ مبتدا، غَیْرُ مضاف رَاضٍ شبہ فعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل عَنْ حرف جار یِ ضمیر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا شبہ فعل کا شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ھٰذَا عَدِیْمُ الْفَھْمِ (یہ نا سمجھ ہے) ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، عَدِیْمُ الْفَھْمِ بترکیب اضافی خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — دِھْلِیْ عَاصِمَۃُ الْھِنْدِ (دہلی ہندوستان کی راجدھانی ہے) دِھْلِیْ مبتدا، عَاصِمَۃُ الْھِنْدِ بترکیب اضافی خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَنْتِ بِالدَّوَاۃِ وَالْقَلَمِ (دوات اور قلم لا) اِیْتِ فعل امر حاضر معروف اسمیں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل بِ حرف جار دوات معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَلْقَلَمِ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — مَا اسْمُ عَاصِمَۃِ بَاکِسْتَانَ (پاکستان کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟) مَا اسم استفہام مبتدا اِسْمُ مضاف عَاصِمَۃِ مضاف الیہ مضاف بَاکِسْتَانَ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِسْمُھَا اِسْلَامْ آبَاد (اس کا نام اسلام آباد ہے) اِسْمُھَا بترکیب اضافی مبتدا، اسلام آباد خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

اُردو جملوں کی تعریب

اِسْمُ اللّٰہِ حَبِیْبٌ — ذِکْرُ الرَّسُوْلِ حُلْوٌ — ھٰذَا الْغُصْنُ اَخْضَرُ — کَمْ رَاتِبُ زَیْدٍ — خَرِیْطَۃُ الْھِنْدِ عَتِیْقَۃٌ — اِنَّ دَرَّاجَۃً جَارِیَۃً — زَیْدٌ مَحْزُوْنٌ — ثَوْبُ الْعَرُوْسِ رَخِیْصٌ — ھُوَ حَدِیْثُ الْاِسْلَامِ — دَارُ بَکْرٍ بَعِیْدَۃٌ — لِجَامُ الْفَرَسِ حَسَنٌ — عَاصِمَۃُ الْعِرَاقِ بَغْدَادُ — اَنْتَ عَدِیْمُ الْفَھْمِ — اِذَا اَسْمَعُ مَحْمُوْدٌ صَوْتِیْ قَرَأَ عَلَی الْفَوْرِ — اَلشَّارِعُ الْمُعَبَّدُ وَسِیْعٌ — جِسْمُکَ طَاھِرٌ — اِسْمِیْ حَلِیْمٌ — اَنْتَ عَلَی الْوُضُوْءِ — اَلْکَاتِبُ ھٰھُنَا — بَیْتُ خَالِدٍ کَبِیْرٌ — بَکْرٌ حَدِیْثُ السِّنِّ — اَلْمَوْقِدُ حَمِیْمٌ — اَنَا غِنًی رَاضٍ عَنْ زَیْدٍ — نَصْرُکَ حَدِیْدٌ

لَ (ضرور) اَلْاِنْفَاقُ (خرچ کرنا) مصدر باب اِفعال — اَلْاِحْسَانُ (بھلائی کرنا) مصدر باب اِفعال — اَلْاِسْتِغْفَارُ (معافی مانگنا) مصدر باب استفعال — اَلرَّاْفَۃُ (مہربانی کرنا) مصدر باب فتح — اَلرَّءُوْفُ (مہربان) صفت مشبہ بروزن فعول باب فتح — اَلْحَسَبُ (کافی ہونا) مصدر — اَلذَّوْقُ (چکھنا) مصدر باب نصر — اَلْمَتَاعُ (سامان) جمع اَمْتِعَۃٌ — اَلتَّکْلِیْمُ (گفتگو کرنا) مصدر باب تفعیل — کُلٌّ (ہر سب تمام) اَلْبَطْشُ (پکڑ، گرفت) مصدر باب ضَرَبَ، نَصَرَ — اَلْغَفُوْرُ (بخشنے والا) صفت مشبہ بروزن فعول باب ضَرَبَ — اَلْاِلٰہُ (معبود) جمع اٰلِھَۃٌ — اَلنَّفْسُ جمع

اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ (تمہارا معبود ایک معبود ہے) اِلٰہُ مضاف کُمْ ضمیر جمع حاضر
کی مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، اِلٰہٌ موصوف وَّاحِدٌ
صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——
(معنی الثانیہ ہوا) اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (بے شک اللہ سُنتا جانتا ہے) اِنَّ حرف
مشبہ بفعل سَمِیْعٌ جلالت اس کا اسم سَمِیْعٌ شبہ فعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ
فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر اوّل عَلِیْمٌ شبہ فعل اسمیں ھُوَ
کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر دوم حرف مشبہ بفعل اپنی دونوں
جزوں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معنی الثانیہ ہوا —— وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (اور خرچ کرو اللہ
کے راستے میں) وَاوْ عاطفہ یا استانفہ اَنْفِقُوْا فعل امر حاضر معروف اسمیں واؤ ضمیر بارز فاعل
فِیْ حرف جار سَبِیْلِ مضاف کلمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور
جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ——
اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ (بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے) اِنَّ
حرف مشبہ بفعل کلمۂ جلالت اس کا اسم یُحِبُّ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھُوَ
کی ضمیر پوشیدہ فاعل المحسنین مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
ہو کر خبر حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ (اور
معافی مانگو اللہ سے) وَاوْ عاطفہ یا استانفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر واؤ
ضمیر بارز فاعل کلمۂ جلالت مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ
ہوا —— اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے) اس جملے کی ترکیب
کو اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ پر قیاس کرو۔ وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ (اور اللہ بندوں پر مہربان ہے)
وَاوْ عاطفہ کلمۂ جلالت مبتدا، رَءُوْفٌ شبہ فعل اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل بِ حرف
جار الْعِبَادِ مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے
مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— وَاللّٰہُ یَعْلَمُ
(اور اللہ جانتا ہے) وَاوْ عاطفہ کلمۂ جلالت مبتدا، یَعْلَمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر
غائب اسمیں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اور تم نہیں جانتے ہو) وَاوْ
عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر کی مرفوع منفصل مبتدا، لَا تَعْلَمُوْنَ فعل مضارع منفی

معروف جمع مذکر حاضر واؤ ضمیر بارز فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا
اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— حَسْبُنَا اللّٰہُ (اللہ ہمارے لئے کافی ہے) حسبنا
بترکیب اضافی مبتدا، کلمۂ جلالت خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ (پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر) فَا عاطفہ
اٰمِنُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر واؤ ضمیر بارز فاعل بِ حرف جار کلمۂ جلالت
معطوف علیہ وَاوْ حرف عطف رَسُوْلِہٖ بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف
سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا فعل کا، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو
سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا —— مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ (دنیا کا مال تھوڑا ہے)
مَتَاعُ الدُّنْیَا بترکیب اضافی مبتدا، قَلِیْلٌ بترکیب سابق خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— وَکَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا (اور کلام فرمایا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے
کلام فرمانا) وَاوْ عاطفہ کَلَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی کلمۂ جلالت فاعل
موسیٰ مفعول بہ تَکْلِیْمًا مفعول مطلق فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ
فعلیہ خبریہ ہوا —— وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ (اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کے احسان کو)
وَاوْ عاطفہ اُذْکُرُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر با فاعل نِعْمَۃَ (بمعنی انعام) مصدر مضاف
کلمۂ جلالت مضاف الیہ عَلَیْکُمْ جار مجرور ہو کر ظرف لغو ہوا نِعْمَۃَ مصدر کے، مصدر مضاف اپنے
مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ
ہوا —— اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ (بے شک تیرے رب کی پکڑ بہت سخت ہے)
اِنَّ حرف مشبہ بفعل بَطْشَ مضاف رَبِّ مضاف الیہ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ، مضاف
اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا بَطْشَ مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر
اسم ہوا اِنَّ کا، لام مفتوح برائے تاکید شَدِیْدٌ بترکیب سابق خبر اِنَّ اپنے اسم
و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ (ہر جاندار کو موت
کا مزا چکھنا ہے) کُلُّ نَفْسٍ بترکیب اضافی مبتدا، ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ بترکیب اضافی
خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —— اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُمْ رَحِیْمًا
(بے شک اللہ تم لوگوں پر مہربان ہے) اِنَّ حرف مشبہ بفعل کلمۂ جلالت اس کا اسم کَانَ فعل
ناقص اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا اسم بِ حرف جار زائد کُمْ ضمیر مفعول بہ رَحِیْمًا
شبہ فعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شبہ

جملہ اسمیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی حرف مشبہ بفعل کی حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے) واؤ عاطفہ کلمۂ جلالت مبتدا، علیمٌ بترکیب سابق خبر اول حکیمٌ بترکیب سابق خبر دوم، مبتدا اپنے دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(لائے نفی جنس)

اَلسَّحَابُ (بادل) جمع سُحُبٌ، واحد سَحَابَةٌ جمع سَحَائِبُ — الحَاجَةُ (ضرورت) جمع حَاجٌ، حِوَجٌ، حَاجَاتٌ، حَوَائِجُ — بُدٌّ (چارہ کار، چھٹکارا، لَا بُدَّ (نہیں ہے کوئی چھٹکارہ یعنی ضروری ہے) اِلَّا (مگر) حرف استثناء جیسے جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا (زید کے علاوہ سب لوگ آئے) اور کبھی صفت کیلئے غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے لِيْ رِجَالٌ اِلَّا رِجَالُكَ (میرے آدمی تمہارے آدمیوں کے علاوہ ہیں) اور کبھی نفی کے بعد حصر کے لئے آتا ہے جیسے مَا ضَرَبَ اِلَّا زَيْدٌ یعنی زید ہی نے مارا — هٰهُنَا (یہاں) هُنَا اسم اشارہ ہے مکان قریب کے لئے اور اسمیں هَا تنبیہ کے لئے ہے، اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے هُنَاكَ، اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے هُنَالِكَ — اَلْحَوْلُ (قدرت، دور بمعنی سال) جمع حُوُوْلٌ، اَحْوَالٌ — اَلْاِنْهِمَاكُ (مشغول ہونا) مصدر باب انفعال — اَلْبِئْرُ (کنواں) جمع آبارٌ — اَلْفِرَاسَةُ (سمجھ) مصدر باب ضَرَبَ (بکسر الفاء، ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا) — اَللّٰهُ رَبِّيْ (اللہ میرا رب ہے) کلمۂ جلالت مبتدا، رَبِّيْ بترکیب اضافی خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا شَرِيْكَ لَهٗ (اس کا کوئی شریک نہیں) لَا لائے نفی جنس شَرِيْكَ شبہ فعل با فاعل شبہ جملہ اسمیہ ہوکر اسم لَهٗ جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — رَسُوْلُنَا نَبِيٌّ لَا نَظِيْرَ لَهٗ (ہمارے رسول ایسے نبی ہیں کہ ان کی کوئی مثال نہیں) رَسُوْلُنَا بترکیب اضافی مبتدا، نَبِيٌّ موصوف لَا لائے نفی جنس نَظِيْرَ اس کا اسم لَهٗ جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر، لائے نفی جنس

اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ (گھر میں کوئی نہیں ہے) لَا لائے نفی جنس رَجُلَ اس کا اسم فِي الدَّارِ قائم مقام خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا سَحَابَ فِي السَّمَاءِ (آسمان میں کچھ بادل نہیں) قیس علی ترکیب لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ — لَا كِتَابَ عِنْدَ زَيْدٍ (زید کے پاس کوئی کتاب نہیں ہے) لَا لائے نفی جنس كِتَابَ اس کا اسم عِنْدَ زَيْدٍ بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا عِلْمَ لَكَ اَصْلًا (تجھے بالکل علم نہیں ہے) لَا لائے نفی جنس عِلْمَ اس کا اسم لَكَ قائم مقام خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اَصْلًا مفعول مطلق فعل محذوف اُصِّلَ کا اُصِّلَ فعل اسمیں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (نہیں ہے کوئی طاقت اور قوت سوائے اللہ کے) لَا لائے نفی جنس حَوْلَ اس کا اسم اِلَّا بِاللّٰهِ مقدر جسمیں اِلَّا حرف استثناء، بَا حرف جار کلمۂ جلالت مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدٌ مقدر کا، مَوْجُوْدٌ اسم مفعول اسمیں هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حرف عطف لَا لائے نفی جنس قُوَّةَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء، بِاللّٰهِ جار مجرور مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدَةٌ مقدر کا مَوْجُوْدَةٌ اسم مفعول اسمیں هِيَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا — لَا حَاجَةَ لِيْ اِلَى الدَّرَاهِمِ (مجھے روپے کی کوئی ضرورت نہیں ہے) لَا لائے نفی جنس حَاجَةَ مصدر لِيْ جار مجرور ہوکر ظرف لغو ہوا حَاجَةَ کا، حَاجَةَ اپنے ظرف لغو سے مل کر اسم، اِلَى الدَّرَاهِمِ جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ہوا ثَابِتَةٌ کا ثَابِتَةٌ اسم فاعل اسمیں هِيَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا بُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ (قسم کے لئے جواب قسم ضروری ہے) لَا لائے نفی جنس بُدَّ اس کا اسم لِلْقَسَمِ جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ہوا ثَابِتَةٌ کا مِنَ الْجَوَابِ جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ثَابِتٌ، ثَابِتٌ اسم فاعل اسمیں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ

ہوا — لَا دَرَّاجَةَ عِنْدِیْ (میرے پاس کوئی سائیکل نہیں ہے) لَاؔ لائے نفی جنس دَرَّاجَۃَ اس کا اسم عِنْدِیْ بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا ثَابِتَۃٌ کا ثَابِتَۃٌ اسم فاعل اس میں ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا حَاجَةَ لِزَیْدٍ اِلَی الْقِرَاءَۃِ (زید کو پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے) ترکیب مثل ترکیب لَا حَاجَةَ لِیْ اِلَی الرُّوْبِیَّةِ — لَا بُدَّ لَکَ مِنَ الْاَکْلِ (تجھے کھانا پڑے گا) اس کی ترکیب کو لَا بُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ پر قیاس کرو — بَکْرٌ لَا قِرَاءَۃَ لَہٗ (بکر ان پڑھ ہے) بَکْرٌ مبتدا، لَاؔ لائے نفی جنس قِرَاءَۃَ اس کا اسم لَہٗ جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتَۃٌ کا ثَابِتَۃٌ بترکیب سابق خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر[له] — لَا بُدَّ لِلْمُسْلِمِیْنَ مِنَ الصَّوْمِ (مسلمانوں کے لئے روزہ ضروری ہے) اس کی ترکیب کو بھی لَا بُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ پر قیاس کرو — لَا بُدَّ لِلْمُتَعَلِّمِیْنَ مِنَ الْاِنْہِمَاکِ (طالب علموں کے لئے مشغول ہونا ضروری ہے) ترکیبہ کذالک — لَا بُدَّ لَکَ مِنَ الذَّھَابِ اِلَی السُّوْقِ (تجھے بازار جانا پڑیگا) لَاؔ لائے نفی جنس بُدَّ اس کا اسم لَکَ جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر اول، مِنْ حرف جار الذَّھَابِ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر ثانی، لائے نفی جنس اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَنَا حَاجَةٌ اِلَیْکَ (ہمیں تم سے کچھ کام ہے) لَنَا جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتَۃٌ کا ثَابِتَۃٌ بترکیب سابق خبر مقدم حَاجَةٌ مصدر اِلَیْکَ جار مجرور ہو کر ظرف لغو ہوا حَاجَةٌ کا حَاجَةٌ اپنے ظرف لغو سے مل کر مبتدا موخر، مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا شَیْءَ ھٰھُنَا (یہاں کچھ نہیں ہے) لَاؔ لائے نفی جنس شَیْءَ اس کا اسم ھَا برائے تنبیہ ھُنَا خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ خبریہ ہوا — لَا مَاءَ فِی الْبِئْرِ (کنواں میں بالکل پانی نہیں ہے) اس کی ترکیب کو لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ پر قیاس کرو — لَا مَرْکُوْبَ عِنْدَنَا (ہمارے پاس کوئی سواری نہیں ہے) اس کی ترکیب کو لَا دَرَّاجَةَ عِنْدِیْ پر قیاس کرو — لَا عَدَاوَۃَ بَیْنَھُمْ (ان لوگوں کے درمیان کوئی دشمنی نہیں) ترکیبہ کذالک —

(اردو سے عربی) :—

لَا حَاجَةَ لِیْ اِلَی الْاَکْلِ اَصْلًا — لَا بُدَّ لِزَیْدٍ مِنَ الذَّھَابِ اِلَی السُّوْقِ — لَا رَجُلَ ھٰھُنَا — خَالِدٌ لَا عِلْمَ لَہٗ — لَا بُدَّ لِزَیْدٍ مِنَ الْکِتَابَۃِ —

له [illegible]

لَا حَاجَةَ بِکَ اِلَیْکَ — لَا غُبَارَ عَلَی الْقِرْطَاسِ — لَا بُدَّ لِلْمُعَلِّمِیْنَ مِنَ الذَّھَابِ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ — لَا شَیْءَ عِنْدَ عَمْرٍو — اَنْتَ عَدِیْمُ الْعِلْمِ — خَالِدٌ زَیْدٌ عَدِیْمُ الْفَہْمِ — لَعَمْنَا حَاجَةٌ اِلَی الرُّوْبِیَّةِ — ھَاتُوا الْقَلَمَ وَالْکِتَابَ —

(قرآنی جملے) :—

اَلرَّیْبُ (شک تہمت حاجت) اَلْاِکْرَاہُ (جبر زبردستی) مصدر باب افعال — اَلتَّثْرِیْبُ (ملامت) مصدر باب تفعیل — اَلْجُنَاحُ (گناہ) اَلْقَوْلُ الْمَعْرُوْفُ (اچھی بات) اَلْخَلَاقُ (حصہ) اَلْمَحْوُ (مٹانا) مصدر باب نصر — اَلْاِحْقَاقُ (ثابت کرنا) مصدر باب افعال اَلْکَلِمَاتُ (باتیں) واحد اَلْکَلِمَۃُ — اَلْحُجَّۃُ (جھگڑا) جمع حُجَجٌ، حِجَاجٌ — اَلْاِھْلَاکُ (ہلاک کرنا) مصدر باب افعال — اَلْمَوْلٰی (مددگار، مالک، غلام آزاد کرنے والا انعام دینے والا آزاد شدہ) جمع اَلْمَوَالِیْ —

ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْہِ (اس کتاب میں کوئی شک نہیں ہے) ذٰلِکَ الْکِتَابُ بترکیب توصیفی مبتدا، لَاؔ لائے نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْہِ جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ (دین میں کوئی زبردستی جبر نہیں ہے) لَاؔ لائے نفی جنس اِکْرَاہَ اس کا اسم فِی الدِّیْنِ جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ (پس اس پر کوئی گناہ نہیں) اس کی ترکیب کو ماقبل پر قیاس کرو — لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ (آج تم پر کوئی ملامت نہیں ہے) لَاؔ لائے نفی جنس تَثْرِیْبَ اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا ثَابِتٌ اسم فاعل با فاعل اَلْیَوْمَ مفعول فیہ اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ (داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا) قَتَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی دَاوٗدُ اس کا فاعل جَالُوْتَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا (اور ان سے اچھی بات کہو) وَاؤ عاطفہ یا مستانفہ قُوْلُوْا فعل امر جمع مذکر حاضر وَاؤ ضمیر بارز فاعل لَھُمْ جار مجرور ہو کر ظرف لغو قَوْلًا مَّعْرُوْفًا بترکیب توصیفی مفعول مطلق فعل

اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ (ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے) لَا لائے نفی جنس حُجَّةَ اس کا اسم بَيْنَنَا بترکیب اضافی معطوف علیہ واؤ حرف عطف بينكم بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول فیہ ہوا واقعۃ اسم فاعل کا، واقعۃ اسم فاعل اس میں هِيَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ (بے شک کافروں کا کوئی مددگار نہیں ہے) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الكٰفرين اسم فاعل با فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر اسم اِنَّ لَا لائے نفی جنس مَوْلٰى اس کا اسم لَهُمْ جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر، لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی حرف مشبہ بالفعل کی، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَيَمْحُو اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ (اور اللہ تعالیٰ جھوٹ کو مٹاتا ہے اور سچ کو اپنی باتوں سے ثابت فرماتا ہے) واؤ عاطفہ یا مستانفہ يَمْحُو فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی کلمۂ جلالت (اللّٰهُ) اس کا فاعل الْبَاطِلَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف يُحِقُّ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل راجع بسوئے کلمۂ جلالت الْحَقَّ مفعول بہ بِ حرف جار كَلِمَاتِهٖ بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا يُحِقُّ فعل کا فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ خبریہ معطوفہ ہوا — اَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ (ہم نے ان کو ہلاک کر دیا پس ان کا کوئی مددگار نہیں ہے) اَهْلَكْنَا فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلم اس میں نَا ضمیر جمع متکلم کی متصل بارز فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَا عاطفہ لَا لائے نفی جنس نَاصِرَ اس کا اسم لَهُمْ جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ (اور اللہ تعالیٰ کی باتوں کو کوئی تبدیل کرنے والا نہیں ہے) واؤ عاطفہ لَا لائے نفی جنس مُبَدِّلَ اسم فاعل با فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر اسم لِ حرف جار كلمات اللّٰه بترکیب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اُولٰٓئِكَ لَا

خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ (ان لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے) اولئك اسم اشارہ مبتدا، لَا لائے نفی جنس خَلَاقَ اس کا اسم لَهُمْ جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر اول، فِي الْاٰخِرَةِ جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر ثانی، لائے نفی جنس اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (بے شک اللہ تعالیٰ صبر والوں کے ساتھ ہے) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اس کا اسم مَعَ الصّٰبِرِيْنَ بترکیب اضافی خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (اور جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتا ہے) واؤ عاطفہ یا مستانفہ اِعْلَمُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر با فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی کلمۂ جلالت اس کا اسم بِ حرف جار كُلِّ شَيْءٍ بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا عَلِيْمٌ شبہ فعل کا، عَلِيْمٌ شبہ فعل اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا —

(مبدل منہ اور بدل) :—

سَيِّدُ الْاَنْبِيَاءِ (نبیوں کے سردار) جمع اَسْيَاد، سَادَةٌ، سِيَادَة، الْاَنْبِيَاءُ واحد نَبِيٌّ — اَبُوْكَ (تیرا باپ) جمع آباء — النَّشْؤُ (پھیلانا) مصدر باب ضرب — التَّصْنِيْف (کوئی کتاب تیار کرنا، لکھنا) مصدر باب تفعیل — اَلْعَمُّ (چچا، جماعت کثیرہ) جمع عُمُوْمَةٌ، اَعْمَام — اَلْحَاجُّ (زیارت کرنے والا، حاجی) جمع حُجَّاج، حَجِيْج، حُجٌّ — اَلْقَافِلَةُ قَافِلٌ کا مونث (کارواں) جمع قَوَافِل — اَرَدَ، يُرِيْدُ، تَارِيْدَ (ارادہ بنانا) مصدر باب تفعیل — اَلصَّلٰوةُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (درود نازل ہو سب نبیوں کے سردار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر) اَلصَّلٰوةُ مبتدا عَلٰى حرف جار سيد الانبياء بترکیب اضافی مبدل منہ کلمۂ رسالت بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا نَازِلَةٌ کا نَازِلَةٌ اسم فاعل اسمیں هِيَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَبُوْكَ زَيْدٌ نَعِيْمٌ (تیرا باپ زید لیڈی ہے)

ابوک بترکیب اضافی مبدل منہ زید بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا، رحیم خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ عمّک یشرب الشای (تیرا چچا خالد چائے پیتا ہے) عمّک بترکیب اضافی مبدل منہ خالد بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا، یشرب فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الشای مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ ان الشیخ ابن الحاجب صنّف الکافیۃ (بے شک شیخ ابن حاجب نے کافیہ کو تصنیف کیا) انّ حرف مشبہ بفعل الشیخ مبدل منہ ابن الحاجب بترکیب اضافی بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر اسم انّ، صنّف فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الکافیۃ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ قال الامام ابوحنیفۃ انّ صلوٰۃ الوتر واجبۃ (فرمایا امام ابوحنیفہ نے کہ وتر کی نماز واجب ہے) قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیرے قال الامام مبدل منہ ابوحنیفہ بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر فاعل انّ حرف مشبہ بفعل صلوٰۃ الوتر بترکیب اضافی اسم، واجبۃ خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر مقولہ ہوا قال فعل کا

فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ــ مولانا عبد الرسول یدرّسنی (مولانا عبدالرسول مجھے پڑھاتے ہیں) مولانا مبدل منہ عبد الرسول بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا، یدرّس فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل نِ وقایہ کی ی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ المولوی عبدالرحیم یتکلّمنا بالعربیۃ (مولوی عبدالرحیم ہم سے عربی میں بات کرتے ہیں) المولوی مبدل منہ عبدالرحیم بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا، یتکلم فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل نا ضمیر متصل مفعول مفعول بہ بالعربیۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ قد نشر الامام عبدالحق الدھلوی علم الحدیث فی الھند (امام عبدالحق محدث دھلوی نے ہندوستان میں علم حدیث پھیلایا ہے) قد برائے قریب نشر فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیرے قال الامام مبدل منہ عبدالحق موصوف الدھلوی اسم منسوب

اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ ناب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر فاعل علم الحدیث بترکیب اضافی مفعول بہ فی الھند جار مجرور ہوکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ــ الحاج خالد رئیس القافلۃ (حاجی خالد قافلہ کے سردار ہیں) الحاج مبدل منہ خالد بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا، رئیس القافلۃ بترکیب اضافی خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ رئیتُ اخاک محمدا (میں نے تیرے بھائی محمد کو دیکھا) رئیت فعل ماضی معروف واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر واحد متکلم کی مرفوع متصل بارز فاعل اخاک بترکیب اضافی مبدل منہ محمدا بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ــ انی ترجمتُ ھذہ الجمل (بے شک میں نے ان جملوں کو اردو میں منتقل کیا) انّ حرف مشبہ بفعل ی ضمیر واحد متکلم کی اس کا اسم ترجمتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر واحد متکلم کی مرفوع متصل بارز فاعل ھذہ اسم اشارہ موصوف الجمل مشار الیہ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی انّ کی انّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــ یا حضرۃ المولوی درّسنی (اے مولوی صاحب مجھے سبق پڑھائیے) یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف اسمیں انا ضمیر واحد متکلم کی پوشیدہ فاعل حضرۃ المولوی بترکیب اضافی مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ــ درّس فعل امر حاضر معروف واحد مذکر حاضر اسمیں انتَ ضمیر پوشیدہ فاعل نِ وقایہ کی ی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ــ

(اردو کی تعریب)

ــ قد تعلّمتُ المولوی نور الدین ــ امر الامام الشافعی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ــ سلّم زید علی مولانا عبد النبی ــ عمّی عمر ذ یسکن فی البلد ــ السید ضیاء الدین یذھب الی بمبئی ــ الدکتور نور الحسن لیقرأ ــ والدی خالد خطب ــ ابنک زید این ذھب ــ متی تذھب الی السوق ــ قد درّس مولانا ابوالحسن زیدا ــ ما اسم زوجۃ ابن عم بکر ــ اسمھا ھندۃ ــ

(قرآنی جملے)

الآن سال (دیکھا) مصدر باب افعال ــ الاتباع

(پیروی کرنا، پیچھے چلنا) مصدر باب افتعال — المِلَّةُ (دین، مذہب، شریعت)
جمع مِلَل — الآباءُ (باپ، دادا) واحد اَبٌ — المِثقالُ (وزن، مقدار تولنے کے
اوزان) جمع مثاقیل — الابراءُ (شفا دینا) مصدر باب افعال — الاکمهُ (مادرزاد
اندھا) صفت باب سَمِعَ مؤنث کمهاء جمع کُمْه — الابرصُ (سفید داغ والا) صفت باب
سَمِعَ مؤنث برصاء جمع بُرص — الاحیاءُ (جلانا) مصدر باب افعال — الموتٰی (مردے)
واحد میّت — الاذنُ (حکم، اجازت) الصراطُ (راستہ) جمع صُرُط — المستقیمُ (سیدھا)
اسم فاعل باب استفعال — الألیمُ (دردناک) ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ
(پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو بھیجا) علیہما الصلوٰۃ والسلام) ثُمَّ عاطفہ اَرْسَلْنَا
فعل ماضی معروف بافاعل مُوْسٰی معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَخَاهُ بترکیب اضافی مبدل
منہ هٰرُوْنَ بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے
مل کر مفعول بہٖ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ
آبَائِیْ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ (اور میں نے پیروی کی اپنے باپ ابراہیم اور اسحٰق اور
یعقوب، علیہم الصلوٰۃ والسلام کے دین کی) واؤ عاطفہ یا مستانفہ اِتَّبَعْتُ فعل ماضی
معروف بافاعل مِلَّةَ مضاف آبَاءِ مضاف الیہ مضاف یْ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے
مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا مِلَّةَ مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبدل
منہ اِبْرٰهِیْمَ معطوف علیہ واؤ حرف عطف اِسْحٰقَ معطوف واؤ حرف عطف یَعْقُوْبَ
معطوف، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر
مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ — (بے شک اللہ تعالیٰ ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا ہے) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل
کلمہ جلالت (اللہ) اس کا اسم لَا یَظْلِمُ فعل مضارع منفی معروف واحد مذکر غائب اسمیں
ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل مِثْقَالَ ذَرَّةٍ بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول
سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی اِنَّ کی، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر
سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ (بے شک اللہ تعالیٰ میرا اور تمہارا
رب ہے) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت اس کا اسم رَبِّیْ بترکیب اضافی معطوف
علیہ واؤ حرف عطف رَبُّکُمْ بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر
خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فَاعْبُدُوْهُ (پس

اس کی عبادت کرو) فَا برائے سببیت اُعْبُدُوْا فعل امر معروف بافاعل هٗ ضمیر
مفعول بہٖ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ
(یہ سیدھا راستہ ہے) هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ بترکیب توصیفی خبر، مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَاُبْرِئُ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ
(اور میں مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو اچھا کر دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے حکم سے) واؤ عاطفہ
اُبْرِئُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اسمیں اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل الْاَکْمَهَ معطوف علیہ واؤ
حرف عطف الْاَبْرَصَ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے
فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اُحْیِ فعل مضارع
بافاعل الْمَوْتٰی مفعول بہ بِ حرف جار اِذْنِ اللّٰهِ بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے
مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف
معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا — وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ
(اور کافروں کیلئے دردناک عذاب ہے) واؤ عاطفہ لِ حرف جار کٰفِرِیْنَ اسم فاعل اسمیں
هُمْ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مجرور، جار اپنے مجرور
سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر مقدم، عَذَابٌ موصوف اَلِیْمٌ
صفت مشبہ اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ
ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا موخر، مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا — وَاذْکُرْ عَبْدَنَا اَیُّوْبَ (اور تو یاد کر ہمارے بندے ایوب کو) واؤ
عاطفہ اُذْکُرْ فعل امر حاضر معروف بافاعل عَبْدَنَا بترکیب اضافی مبدل منہ اَیُّوْبَ
بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مفعول بہٖ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ
فعلیہ انشائیہ ہوا — وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ (اور قسم ہے حکمت والے قرآن کی) واؤ حرف جار
برائے قسم الْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ بترکیب توصیفی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر
ہوا اُقْسِمُ فعل مضارع محذوف کا، اُقْسِمُ فعل مضارع معروف بافاعل، فعل اپنے
فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ (بے شک
آپ رسولوں میں سے ہیں) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کَ ضمیر اس کا اسم لَ برائے تاکید مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ
جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ بترکیب سابق خبر اول، عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ
(بے شک آپ صراط مستقیم پر ہیں) عَلٰی حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ بترکیب توصیفی مجرور

جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا ثابت بترکیب سابق خبر دوم لأن حرف مشبہ بفعل اپنے اسم اور دونوں خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(موکد، تاکید کی بحث):—

اَلْکُلُّ (ہر، سب، تمام) اَلنَّفْسُ (خود، جان) جمع نُفُوس، اَنْفُس —

اَلْعَیْنُ (چشمہ، آفتاب، گھٹنہ، سردار، سونا، جماعت، جاسوس، آنکھ، ذات شئی) جمع عُیُون، اَعْیُن — اَلْاِفْتَاءُ (فتویٰ دینا) مصدر باب افعال — اَلتَّوْقِیْعُ (دستخط کرنا) مصدر باب تفعیل — مَنْحُ الْجَائِزَۃِ (انعام دینا) مَنْحٌ مصدر باب فَتَحَ اَلْجَائِزَۃُ کی جمع جَوَائِز — کِلَاھُمَا (وہ دونوں) اَللِّصُّ (چور) جمع لُصُوص — اَلْاُمُّ (ماں، جڑ، اصل) جمع اُمَّھَات — اَلْمُعَاقَبَۃُ (سزا دینا) مصدر باب مُفَاعَلَۃ ==

اَظْھَرَ اللّٰہُ الْاِسْلَامَ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ (اللہ تعالیٰ نے اسلام کو تمام دینوں پر غالب فرمایا) اَظْھَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی کلمۂ جلالت فاعل اَلْاِسْلَام مفعول بہ عَلٰی حرف جار الدِّیْن موکد کُلِّہٖ بترکیب اضافی تاکید، موکد اپنی تاکید سے مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — ذَھَبَ زَیْدٌ نَفْسُہٗ (زید خود ہی گیا) ذَھَبَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زَیْدٌ موکد نَفْسُہٗ بترکیب اضافی تاکید، موکد اپنی تاکید سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — خَالِدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ کُلَّہٗ (خالد نے پورا قرآن پڑھا) خَالِدٌ مبتداء قَرَأَ فعل ماضی معروف با فاعل الْقُرْآن موکد کُلَّہٗ بترکیب اضافی تاکید، موکد اپنی تاکید سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — مَشَیْتُ النَّھَارَ کُلَّہٗ (میں دن بھر چلا) مَشَیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم با فاعل النَّھَار موکد کُلَّہٗ بترکیب اضافی تاکید، موکد اپنی تاکید سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — اَلْعَشْرِیُّ اَحْمَدُ اَجَازَ الْوِلْدَانَ کُلَّھُمْ (دسویں احمد نے تمام لڑکوں کو انعام دیا) — اَلْعَشْرِیُّ مبدل منہ اَحْمَدُ بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتداء، اَجَازَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب با فاعل اَلْوِلْدَانَ موکد کُلَّھُمْ بترکیب اضافی تاکید، موکد اپنی تاکید سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَفْتَی الْعُلَمَاءُ اَجْمَعُوْنَ (تمام علماء نے فتویٰ دیا) اَفْتٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی اَلْعُلَمَاءُ موکد

مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ فخذ اربعۃ من الطیر (پس آپ چار پرندے لیجئے) فا عاطفہ خذ فعل امر حاضر معروف انا فاعل اربعۃ موصوف من الطیر جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ وان کثیرا من الناس بلقاءی ربھم لکفرون (اور بے شک اکثر لوگ اپنے رب کی ملاقات کا انکار کرتے ہیں) واؤ عاطفہ ان حرف مشبہ بالفعل کثیرا موصوف من الناس جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم، ب حرف جار لقاء مضاف ربّ مضاف الیہ مضاف ھم ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا لقاء، مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا کفرون کا لام مفتوح برائے تاکید لفظی و کفرون اسم فاعل اس میں ھم کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ انّ المنفقین فی الدرک الاسفل من النار (بے شک منافق لوگ جہنم کے سب سے نیچے طبقہ میں ہوں گے) انّ حرف مشبہ بالفعل المنفقین اس کا اسم فی حرف جار الدرک الاسفل بترکیب توصیفی ذوالحال من النار جار مجرور ہو کر قائم مقام حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ وقال موسٰی یٰفرعون انی رسول من رب العٰلمین (اور فرمایا موسیٰ علیہ السلام نے اے فرعون میں سارے عالم کے رب کا رسول ہوں) قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی موسٰی فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع انا فاعل فرعون مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم رسول موصوف من حرف جار رب العٰلمین بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ وامطرنا علیھم حجارۃ من سجیل (اور ہم نے ان پر کنکر کے پتھر برسائے) واؤ عاطفہ امطرنا فعل ماضی معروف انا فاعل علیھم جار مجرور ہو کر ظرف لغو حجارۃ موصوف من سجیل جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ فاسقط علینا کسفا من السماء ان کنت من الصدقین (پس آپ ہمارے

اوپر آسمان کے ٹکڑے گرا دیجئے اگر آپ سچے ہیں) فاجزائیہ اسقط فعل امر حاضر معروف
بافاعل علینا جار مجرور ہو کر ظرف لغو کسفاً موصوف من السماء جار مجرور ہو کر قائم مقام
صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ظرف لغو اور مفعول بہ سے
مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء مقدم ان حرف شرط کنت فعل ناقص ت ضمیر بارز ہوا
اسم من الصادقین جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ ہو کر شرط مؤخر شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا — فلا تکونن
ظهيرا للکفرین (پس تم کافروں کے مددگار ہرگز مت بنو) فا عاطفہ لا تکونن فعل امر ہے
نہی اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ اسم ن مشدد برائے تاکید ظہیرا موصوف للکفرین
جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ثابت کا ثابت بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر
خبر، فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — ولا تجعلوا اللہ عرضۃ
لایمانکم (اور تم اللہ تعالیٰ کو اپنے قسموں کا نشانہ نہ بناؤ) واؤ عاطفہ لا تجعلوا
فعل نہی حاضر بافاعل کلمۂ جلالت مفعول بہ اول عرضۃ موصوف ل حرف جار ایمانکم
بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت موصوف اپنی صفت سے
مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — ورضوان
من اللہ اکبر (اور اللہ تعالیٰ کی خوشی بڑی ہے) واؤ عاطفہ رضوان موصوف من
حرف جار کلمۂ جلالت مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا ثابت
بترکیب سابق صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، اکبر اسم تفضیل بافاعل
اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وان کثیرا من الناس عن آیٰتنا لغٰفلون (اور بے شک
اکثر لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں) واؤ عاطفہ ان حرف مشبہ بفعل کثیرا موصوف
من الناس جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم عن حرف جار
آیت مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے
مل کر ظرف لغو مقدم ہوا غافلون کا لام مفتوحہ برائے تاکید غافلون اسم فاعل
اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم
و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اجتنبوا کثیرا من الظن (زیادہ گمان سے بچو)
اجتنبوا فعل امر بافاعل کثیرا موصوف من الظن جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت،

موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
انشائیہ ہوا — قطعت لهم ثیاب من النار (ان لوگوں کے لئے جہنم کے کپڑے
بونتے گئے) قطعت فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب ضمیر بے خان لهم جار مجرور ہو کر
ظرف لغو ثیاب موصوف من النار جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت
سے مل کر نائب فاعل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا —
قال هذا رحمة من ربی (اس نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے) قال فعل ماضی بافاعل
ھذا مبتدا رحمۃ موصوف من حرف جار ربی بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے
مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر
مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا —

(استعمالِ فعل بنفسہ وبواسطۂ صلات)

ضربت الخائنۃ علی الفتاوی (میں نے فتاوی پر مہر لگائی) ضربت فعل ماضی معروف بافاعل
الخاتم مفعول بہ علی الفتاوی جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو
سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — زید یضرب فی البحیرۃ (زید جھیل میں تیرتا ہے) زید
مبتدا یضرب فعل مضارع معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل فی البحیرۃ جار مجرور
ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لا یضرب احد (کسی کو مت مار) لا تضرب فعل نہی حاضر معروف
واحد مذکر حاضر اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل احدا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے
مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — الناس یضربون فی الارض (لوگ زمین پر چلتے ہیں) الناس
مبتدا یضربون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب بافاعل فی الارض جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل
اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
نضرب الامثال (ہم مثال کو بیان کرتے ہیں) نضرب فعل مضارع بافاعل الامثال مفعول
بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — زید یختلف الی ارید
(میرے پاس آتا جاتا ہے) (اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے) اکثر علماء یختلفون فی ھذا الامر
(اکثر علماء اس معاملہ میں اختلاف کرتے ہیں) اکثر علماء مبتدا یختلفون فعل مضارع بافاعل فی
حرف جار ھذا موصوف الامر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے

مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — هُمْ سَلَّمُوْا عَلَيَّ (ان لوگوں نے مجھے سلام کیا) هم ضمیر مبتدا سلّموا فعل ماضی با فاعل عليّ جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — سلّمت الكتاب الى زيد (میں نے کتاب زید کو سپرد کیا) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے) لِمَ رغبت عنّي (تو نے مجھ سے کیوں روگردانی کی) یہ ترکیب بھی گذر چکی ہے — والى ربك فارغب (اور تو اپنے رب کی جانب مائل ہوجا) واؤ عاطفہ الى حرف جار ربك بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا، ارغب فعل امر، فا رابطہ جزائیہ، ارغب فعل امر حاضر معروف با فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، فانصب معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا — انّي اسلّم دليل المسئلة (بے شک میں مسئلہ کی دلیل مانتا ہوں) انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم اسلّم فعل مضارع با فاعل دليل المسئلة بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — دفعت الى بكرٍ اجرته (میں نے بکر کو اس کی مزدوری دی) دفعت فعل ماضی با فاعل الى بكر جار مجرور ہو کر ظرف لغو اجرته بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — ضربت الاغصان الى الارض (میں نے ڈالیوں کو زمین کی طرف جھکا دیا) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے — يقرصني البرد (مجھے ٹھنڈی لگ رہی ہے) يقرص فعل مضارع معروف ن وقایہ ی مفعول بہ البرد فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — دفع العلماء عن الاسلام (علماء نے اسلام کی حفاظت کی) ترکیب گذر چکی — دفع بكر عن زيدٍ (بکر نے زید کو بچایا) السائل دعا على البخيل (سائل نے بخیل کو بد دعا دی) دعوت لزيد (میں نے زید کے لئے دعا کی) دعاني خالد الى الطعام (مجھے خالد نے کھانے کی دعوت دی) ان سب جملوں کی ترکیب گذر چکی ہے) دعا زيد كافرا الى الاسلام فاسلم (زید نے ایک کافر کو اسلام کی طرف بلایا تو وہ اسلام لے آیا) دعا فعل ماضی معروف زيد فاعل كافرا مفعول بہ الى الاسلام جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — فا برائے سببیت اسلم فعل ماضی با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — انّي ادعو بكرًا (بے شک میں بکر کو بلاتا ہوں) انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم ادعو فعل مضارع با

٥١

فاعل بكرا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اودع بالماء (تو پانی منگا) اودع فعل امر حاضر با فاعل بالماء جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اتوضأ (میں وضو کر رہا ہوں) اتوضأ فعل مضارع معروف با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — يسئلونك عن الاهلّة (لوگ آپ سے نئے چاند کے بارے میں پوچھتے ہیں) يسئلون فعل مضارع با فاعل ك ضمیر مفعول بہ عن الاهلّة جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — سئلني زيد كتابا (زید نے مجھ سے ایک کتاب مانگی) يتردد خالد الى عمرو (خالد عمرو کے پاس بار بار آتا ہے) ترددتُ في الصلوة (میں نے شک کیا نماز میں) اني اصلي بالجماعة (بے شک میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھتا ہوں) زيد صلّى على النبي (صلی اللہ علیہ وسلم) (زید نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا) زيد كفّر خالدا (زید نے خالد کو کافر کہا) لا اصلي على مبتدع (میں کسی بدعتی کی نماز جنازہ نہیں پڑھتا ہوں) كفّر عمرو عن يمينه (عمرو نے اپنی قسم کا کفارہ ادا کیا) ان الله يكفّر سيئة المؤمن (بے شک اللہ تعالیٰ مومن کے گناہ کو مٹاتا ہے) ان سب جملوں کی ترکیب گذر چکی ہے) — الرجل المتدين يدفع عن مذهبه (دیندار مرد اپنے مذہب کی حفاظت کرتا ہے) الرجل المتدين بترکیب توصیفی مبتدا يدفع فعل مضارع با فاعل عن حرف جار مذهبه بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ربُّ المنزل ههنا (گھر کا مالک یہاں ہے) ربّ المنزل بترکیب اضافی مبتدا ها برائے تنبیہ هنا مفعول فیہ ثابت کا، ثابت اسم فاعل اس میں ھو اس کی ضمیر فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(اردو کی تعریب)

اختلفتُ الى زيد — لا تسلّمن على زيد — خالد سلّم شرائط المناظرة — قد اختلفتُ في هذه المسئلة — ادفع الشروبية الى رب الفندق — ما سلمت الشروبية الى — ادفع عن ديني — ادفعوا بكرًا من ههنا — زيد دعا بالقلم — السائل يدعو لك — دعا اليتيم على زيد — قد

مکتوبٌ سیّئٌ المولوی خالدٌ اعن الاسلام — دعی العلماءُ الی الاسلام — دعوتُک — هل تردّدت فی ھٰذا — اتردّدُ الیک — انتہزَ الادب — الوُضوءِ — قد شغلنی عمرو نیفی الادب — الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم — السُّنّۃ — صلوا الی المسجد بالجماعۃ — یکفر اللہ سیاٰتک تکفیرًا — قد دعیَ الذی کتب سنۃً — اکفر عن صوم — عبدالحمید المرضی کلھم —

قرآنی جملے

:— الخمرُ (انگوری شراب، ہر نشیلی چیز) المیسرُ (جوا) الاثم (گناہ، فساد، جرم، ناجائز کام) جمع آثام — الرزق (روزی) جمع ارزاق — الاشہاد (حاضر کرنا، گواہ بنانا) مصدر باب افعال — کان (ہوا) فعل ناقص واحد مذکر غائب — السیرُ (چلنا، گھومنا) مصدر باب ضرب — العاقبۃ (انجام، سزا) المکذّب (جھٹلانے والا) اسم فاعل از باب تفعیل — الشعائرُ (نشانیاں) واحد شعیرۃ

یسئلونک عن الخمر والمیسر (لوگ آپ سے شراب اور جوا کے بارے میں پوچھتے ہیں) یسئلون فعل مضارع معروف بافاعل کَ ضمیر مفعول بہ عن حرف جار الخمر معطوف علیہ واؤ حرف عطف المیسر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — قل فیھما اثم کبیر (آپ فرمادیں دونوں میں بڑا گناہ ہے) قل فعل امر حاضر معروف بافاعل فیھما جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا، ثابت بترکیب سابق خبر مقدم اثم کبیر بترکیب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — ان اللہ وملٰئکتہ یصلون علی النبی (بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی پر) انّ حرف مشبہ بفعل کلمہ جلالت (اللہ) معطوف علیہ واؤ حرف عطف ملٰئکتہ بترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم ہوا انّ کا یصلون فعل مضارع معروف بافاعل علی النبی جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لا نسئلک رزقًا (ہم تجھ سے رزق نہیں مانگتے ہیں) نحن نرزقک (ہم تجھے رزق دیتے ہیں) ویضرب اللہ الامثال للناس (اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے کہاوتیں بیان فرماتا ہے) اس قسم کی ترکیبیں گذر چکی ہیں —

فاذا دفعتم الیھم اموالھم فاشھدوا علیھم (پھر جب تم ان لوگوں کو ان کا مال دو تو ان پر گواہ بنالو) فا بمعنی حرف اذا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم دفعتم فعل ماضی معروف بافاعل الیھم جار مجرور ہو کر ظرف لغو اموالھم بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ، مفعول فیہ مقدم اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط فا جزائیہ اشھدوا فعل امر حاضر معروف بافاعل علیھم جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا — قل سیروا فی الارض ثم انظروا کیف کان عاقبۃ المکذبین (آپ فرما دیجئے کہ زمین میں پھر دیکھو کیا ہوا جھٹلانے والوں کا انجام) قل فعل امر حاضر معروف بافاعل سیروا فعل امر حاضر معروف بافاعل فی الارض جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ ثم حرف عطف انظروا فعل امر حاضر معروف بافاعل کیف اسم استفہام خبر مقدم کان کا، کان فعل ناقص عاقبۃ مضاف المکذبین اسم فاعل اس میں ھم ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا کان کا فعل ناقص اپنے اسم اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہو کر مفعول بہ قل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — ان اللہ علی کل شیء قدیر (بے شک اللہ تعالیٰ ہر ممکن شیٔ پر قادر ہے) انّ حرف مشبہ بفعل کلمہ جلالت اس کا اسم علیٰ حرف جار کل شیء بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا قدیر کا، قدیر شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ (بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے) انّ حرف مشبہ بفعل الصفا معطوف علیہ واؤ حرف عطف المروۃ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم من حرف جار شعائر اللہ بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — انّ الدین عند اللہ الاسلام (بے شک دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسلام ہے) انّ حرف مشبہ بفعل الدین موصوف عند اللہ بترکیب اضافی مفعول فیہ شبہ فعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے

معمول الیہ ہوا الرحمن شبہ فعل مقدر کا الرحمن اسم مفعول اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب

مل کر اسم ہوا اِنَّ کا الْاَسْلَامُ خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ (پس آپ انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دے دیجئے) فا برائے سببیت بَشِّرْ فعل امر حاضر با فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ب حرف جار عَذَابٍ موصوف اَلِیْمٍ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر ترکیب توصیفی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ (پس بے شک اللہ تعالیٰ کافروں کا دشمن ہے) فا عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت اس کا اسم عَدُوٌّ موصوف لِ حرف جار الْكٰفِرِيْنَ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا، ثابت اسم فاعل اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ

(اسمائے موصولات)

اَلَّذِیْ (جو جس) واحد مذکر کیلئے ـــ اَلَّتِیْ (جو جس) واحد مؤنث کیلئے ـــ اَللَّذَانِ (جن دو جنہوں نے) تثنیہ مذکر کے لئے ـــ اَللَّتَانِ (جن دو جنہوں) تثنیہ مؤنث کے لئے ـــ اَلَّذِیْنَ (جنہوں نے) جمع مذکر کے لئے ـــ المعروفُ (اچھا) الحبر (نیک عالم، خوشی و نعمت) جمع اَحْبَار، حُبُور ـــ الحقیبۃُ (بیگ، تھیلا) جمع حقائب ـــ الزیارۃ (ملاقات کے لئے آنا) مصدر باب نصر ـــ المنکر (بری بات) جمع مناکر، منکرات ـــ السَّبُّ (گالی دینا) مصدر باب نصر ـــ الطیبُ (نیک، اچھا) مؤنث طیبۃ، جمع طیبات

الذی خطب عالمٌ (جس نے تقریر کی وہ عالم ہے) الذی اسم موصول خَطَبَ فعل ماضی معروف اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا، عالمٌ اسم فاعل اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ اللتی قرأت ذلیذۃ (جس نے پڑھا وہ لڑکی ہے) اللتی اسم موصول قرأت فعل ماضی واحد مؤنث غائب اسمیں هِیَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا، ولیدۃ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ قَالَ الَّذِیْ هُوَ حَبْرٌ (اس نے کہا جو عالم ہے) قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے قال الذی اسم موصول هُوَ ضمیر منفصل مرفوع واحد

مذکر غائب کی مبتدا، حبرٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ رأیت الرجلین الذین امرا بالمعروف (میں نے ان دو مردوں کو دیکھا جنہوں نے اچھی بات کا حکم دیا) رأیت فعل ماضی معروف با فاعل الرجلین موصوف اللذین اسم موصول امرا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب اسمیں الف ضمیر متصل بارز فاعل با حرف جار المعروف مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ قَتَلْتُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا (میں نے ان لوگوں کو قتل کیا جنہوں نے ظلم کیا) قَتَلْتُ فعل ماضی با فاعل الذین اسم موصول ظَلَمُوْا فعل ماضی با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ أزورُ الحبرَ الذی یَمْنَعُ النَّاسَ عَنِ الْمُنْكَرِ (میں ملاقات کرتا ہوں اس عالم سے جو لوگوں کو برائی سے روکتا ہے) أزورُ فعل مضارع معروف با فاعل الحبر موصوف الذی اسم موصول یمنع فعل مضارع معروف اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل الناس مفعول بہ عن المنکر جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ لَقِیْتُ الْمَرْأَتَیْنِ اللَّتَیْنِ اَسْلَمَتَا (میں نے ان دو عورتوں سے ملاقات کیا جو مسلمان ہوئیں) لَقِیْتُ فعل ماضی معروف با فاعل المرأتین موصوف اللتین اسم موصول اسلمتا فعل ماضی معروف تثنیہ مؤنث غائب اسمیں الف ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ اَلَّتِیْ صالحۃ تقرأ القرآن (وہ جو نیک ہے قرآن پڑھتی ہے) اللتی اسم موصول صالحۃ صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا، تقرأ فعل مضارع معروف واحد مؤنث غائب اسمیں هِیَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل القرآن مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ سَلَّمْتُ عَلَی الرَّجُلَیْنِ اللَّذَیْنِ هُمَا رَاکِبَانِ (میں نے ان دو مردوں کو سلام کیا جو سوار تھے) سَلَّمْتُ فعل ماضی با فاعل علیٰ حرف جار الرجلین

موصوف الذین اسم موصول ھما ضمیر مبتدا، تماکیان خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ
خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور
سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — الکتاب الذی
ھو بیدی حسنٌ (وہ کتاب جو میرے ہاتھ میں ہے اچھی ہے) (خوبصورت ہے) الکتاب موصوف
الذی اسم موصول ھو ضمیر مبتدا، ب حرف جار یدی بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے
مل کر قائم مقام خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول اپنے صلہ سے مل کر
صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، حسن شبہ فعل بافاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے
مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — الفرس التی ھی
عندک جیدۃٌ (وہ گھوڑا تیرے پاس ہے عمدہ ہے) ماقبل پر قیاس کرو — الحقیبۃ
التی اشتریتھا جدیدۃٌ (جو بیگ میں نے خریدا وہ نیا ہے) الحقیبۃ موصوف
التی اسم موصول اشتریت فعل ماضی بافاعل ھا ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول
بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت
سے مل کر مبتدا، جدیدۃ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — الولد التی
لیتہ علی بنیتہٌ (جو لڑکا میرے پاس ہے ہوشیار ہے) ماقبل پر قیاس کرو — ضربت
من سبّ زیدًا (میں نے مارا اسکو جس نے زید کو گالی دی) ضربت فعل ماضی بافاعل
من اسم موصول سبّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل زیدًا
مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر
مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — القلم ما ھو (قلم کیا
ہے وہ؟) القلم مبتدا، ما اسم استفہام مبتدا، ھو ضمیر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ انشائیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ھو ما یکتب بہ
(وہ، وہ ہے جس سے لکھا جاتا ہے) ھو ضمیر مبتدا، ما اسم موصول یکتب فعل مضارع مجہول
اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل بہ جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل مضارع مجہول اپنے
نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — المسلم من سلم المسلمون من یدہٖ (مسلمان وہ ہے
جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ ہوں) المسلم مبتدا، من اسم موصول سلم فعل ماضی معروف
بافاعل المسلمون مفعول بہ من حرف جار یدہٖ بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر

ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول اپنے
صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — آعدلی الشریفان اللذان
ھما سمیحان (ان دو شریفوں نے میری مدد کی جو سخی ہیں) آعد فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب
ضمیرے فاعل ن وقایہ ی مفعول بہ الشریفان موصوف اللذان اسم موصول ھما ضمیر
مبتدا، سمیحان خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر
صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔
یا ایھا الولد (اے لڑکے) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے) اُکتب بالقلم الذی ھو
طویلٌ (تو لکھ اس قلم سے جو لمبا ہے) اُکتب فعل امر حاضر معروف بافاعل ب حرف جار القلم
موصوف الذی اسم موصول ھو ضمیر مبتدا، طویل خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ
ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے
مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا —
یا ربنا (اے ہمارے رب) یا حرف ندا قائم مقام (ادعو) فعل کے ادعو فعل مضارع
بافاعل ربنا بترکیب اضافی مفعول بہ منادی، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادی سے مل کر
جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اھدنا الصراط الذین انعمت علیھم (تو ہمکو اس
سیدھے راستے پر چلا جس پر تونے انعام فرمایا ہے) اھد فعل امر حاضر معروف بافاعل نا
ضمیر مفعول بہ اول الصراط موصوف الذین اسم موصول انعمت فعل ماضی معروف بافاعل
علیھم جار مجرور ہوکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول
اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور
دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا —
اقرءوا بعد الاکل الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمین
(کھانا کھانے کے بعد پڑھو، تمام تعریف ثابت ہے اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے ہمیں کھلایا
اور پلایا، اور مسلمانوں میں سے بنایا) اقرءوا فعل امر حاضر معروف بافاعل بعد الاکل بترکیب
اضافی مفعول فیہ الحمد مبتدا، لام حرف جار کلمہ جلالت (اللہ) موصوف الذی
اسم موصول اطعم فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل نا ضمیر مفعول بہ
فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف سقا
فعل ماضی معروف بافاعل نا ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

ہوکر معطوف واؤ حرف عطف جَعَلَ فعل ماضی معروف بافاعل نَا ضمیر مفعول بہ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا ثابتٌ جزترکیب سابق خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اَلَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الرَّحْمَةُ (وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے ان پر رحمتیں نازل ہوتی ہیں) اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل ماضی باواؤ فاعل رَبُّنَا جزترکیب اضافی مبتدا، کلمۂ جلالت خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا تَتَنَزَّلُ فعل مضارع معروف واحد مؤنث غائب ضمیر سے خالی عَلَيْهِمْ جار مجرور ہوکر ظرف لغو اَلرَّحْمَةُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ (رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا) شَهْرُ رَمَضَانَ جزترکیب اضافی مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اُنْزِلَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی فِیْهِ جار مجرور ہوکر ظرف لغو اَلْقُرْاٰنُ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لِمَنْ هٰذِهِ السَّیَّارَةُ الرَّاجِلَةُ (یہ موٹر سائیکل کس کی ہے) لام حرف جار مَنْ اسم استفہام مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابتۃٌ کا ثابتۃٌ جزترکیب سابق خبر مقدم هٰذِهِ موصوف السَّیَّارَةُ الرَّاجِلَةُ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا موخر، مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا — مَا فَعَلْتَ طَیِّبٌ (جو تو نے کیا ٹھیک ہے اچھا ہے) مَا اسم موصول فَعَلْتَ فعل ماضی معروف بافاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا، طَیِّبٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اُكْتُبْ كَمَا عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَةَ (تو لکھ جیسا میں نے تجھے لکھنا سکھایا) اُكْتُبْ فعل امر حاضر معروف بافاعل كَ حرف جار برائے تشبیہ مَا اسم موصول عَلَّمْتُ فعل ماضی بافاعل كَ ضمیر

مفعول بہ اول الْكِتَابَةَ مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اَلصَّحَابِیُّ مَنْ هُوَ (صحابی کون ہیں؟) اس کی ترکیب کو "اَلْقَلَمُ مَا هُوَ" پر قیاس کرو — اَلصَّحَابِیُّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَلَقِیَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وَتُوُفِّیَ مُؤْمِنًا (صحابی وہ ہیں جو ایمان لائے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کیا اور حالت ایمان پر موت ہوئی) اَلصَّحَابِیُّ مبتدا مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل ماضی بافاعل بِ حرف جار کلمۂ جلالت معطوف علیہ واؤ حرف عطف رَسُوْلِهٖ جزترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لَقِیَ فعل ماضی بافاعل رَسُوْلَ اللّٰهِ جزترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف واؤ حرف عطف تُوُفِّیَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب جس میں هُوَ کی ضمیر ذوالحال مُؤْمِنًا حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر نائب فاعل، فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(اُردو سے عربی)

اَكْرِمْ مَنْ اَقْرَأَنِیْ — مَنْ یَّمْنَعُ عَنِ الْمُنْكَرِ صَالِحٌ — اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُخْلَدُوْنَ النَّارَ — زَیْدٌ رَكِبَ فِی السَّیَّارَةِ الَّتِیْ هِیَ سَرِیْعَةُ السَّیْرِ — اَلَّذَانِ نَامَا فَالْمَانِ — اَلْحَقِیْبَةُ الَّتِیْ هِیَ عِنْدِیْ ثَمِیْنَةٌ — طَالَعْتُ الْكِتَابَ الَّذِیْ هُوَ جَدِیْدٌ — اتَّكِئُوْا عَلَى الَّذِیْنَ هُوَ نَبِیَّةٌ — اَلنِّسَاءُ كُلُّهُنَّ اَسْلَمْنَ — اَلشَّیْخُ قَمَرُ الدِّیْنِ رَجَعَ عَنِ السُّوْقِ — اَلْحَاجُّ اَحْمَدُ اَخَذَ الْوَلَدَ الَّذِیْ كَانَ یَتِیْمًا — لَا حَاجَةَ لِیْ اِلَى الزَّوْجَةِ الَّتِیْ هِیَ مُزَیَّنَةٌ — اَبُوْكَ خَالِدٌ یَقِیْنِیْ — اَكَلَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا — لِمَنْ هٰذَا الْوَلَدُ —

(تَرْجَمَةُ جُمَلِ الْقُرْاٰنِیَّةِ بِالْاُرْدُوِیَّةِ)

اَلْاَبْرَارُ (نیک لوگ) واحد بَرٌّ، بابش — اَلتَّبْلِیْغُ (پہونچانا) مصدر باب تفعیل —

الطّینُ (مٹی) اَلمُخاطَبَۃُ (گفتگو کرنا) مصدر باب مفاعلت — الهُدیٰ (ہدایت رہنمائی) اَلاِنزالُ (اتارنا) مصدر باب افعال — الطاغوتُ (شیطان) جمع طواغ الطواغیت، الطواغی — الاولیآءُ (دوستوں) واحد ولی — التحریمُ (حرمت والا) مصدر باب تفعیل — دِینُ الحق (سچا دین) الدِّینُ (ملکیت، قدرت، حکم، مذہب، ملت، عادت، سیرت، حساب، حالت، تدبیر، نافرمانی، گناہ، مجبوری، پرہیزگاری، فرمانبرداری، بدلہ، قہر و غلبہ، ذلت [illegible]) جمع ادیان — الحق مصدر باب نصر، ضرب (ثابت اور واجب ہونا) بمعنی سچائی، راستی، یقین، انصاف، ثابت شدہ حصہ) جمع حقوق — الجنّۃ (باغ بہشت) جمع جنان، جنات — النُّزُلُ (مہمانی) جمع انزال — الاتقاءُ (ڈرنا، پرہیز کرنا) مصدر باب افتعال — الوُقُودُ (ایندھن) لِمَ (کیوں) الشہیدُ (گواہ، حاضر، اللہ کی راہ میں مقتول) جمع شُہداءُ، حساب (گنتی) مصدر باب نصر —

وَمَا عِندَ اللّٰهِ خَیرٌ لِّلاَبرَارِ (اور جو اللہ کے نزدیک ہے نیک لوگوں کے لئے بہتر ہے) واؤ عاطفہ یا مستانفہ مَا اسم موصول عِندَ اللّٰهِ بترکیب اضافی مفعول فیہ ثابت کا ثابت اسم فاعل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا، خَیرٌ اسم تفضیل اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل لِلاَبرَارِ جار مجرور ہو کر ظرف لغو ہوا خَیرٌ کا اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَلحَمدُ لِلّٰهِ الَّذِی خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضَ (تمام تعریف ثابت ہے اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے آسمان اور زمین کو پیدا فرمایا) اَلحَمدُ مبتدا، لام حرف جار کلمۂ جلالت موصوف الَّذِی اسم موصول خَلَقَ فعل ماضی با فاعل اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ واؤ حرف عطف الاَرضَ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ھُوَ الَّذِی اَنزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (وہ وہ ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا) یٰاَیُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغ مَا اُنزِلَ اِلَیکَ مِن رَّبِّکَ (اے رسول آپ پہونچا دیجئے اسکو جو آپ کے پاس آپ کے رب کی جانب سے اتارا گیا) اس قسم ترکیب گذر چکی ہے) اِنَّ اللّٰهَ یَرزُقُ مَن یَّشَآءُ بِغَیرِ حِسَابٍ (بے شک اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے) (اِنَّ حرف

مشبہ بفعل کلمۂ جلالت (اللّٰه) اس کا اسم یَرزُقُ فعل مضارع با فاعل مَن اسم موصول یَشَآءُ فعل مضارع با فاعل ب حرف جار غَیرِ حِسَابٍ بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَلَا تَقتُلُوا النَّفسَ الَّتِی حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالحَقِّ (اور تم مت قتل کرو اس جان کو جسکو اللہ تعالیٰ نے حرمت والا بنایا ہے مگر حق کے ساتھ) واؤ عاطفہ لَا تَقتُلُوا فعل نہی حاضر با فاعل النَّفسَ موصوف الَّتِی اسم موصول حَرَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے فاعل کلمۂ جلالت فاعل اِلَّا حرف استثنا، بِالحَقِّ جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — وَلَا تُخَاطِبنِی فِی الَّذِینَ ظَلَمُوا (اور تو مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں گفتگو مت کر جن لوگوں نے ظلم کیا) واؤ عاطفہ لَا تُخَاطِب فعل نہی با فاعل ن وقایہ کی ی مفعول بہ فی حرف جار الَّذِینَ اسم موصول ظَلَمُوا فعل ماضی معروف با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — ھُوَ الَّذِی اَرسَلَ رَسُولَهُ بِالهُدٰی وَدِینِ الحَقِّ (وہ وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا) ھُوَ ضمیر مبتدا الَّذِی اسم موصول اَرسَلَ فعل ماضی با فاعل رَسُولَهُ ترکیب اضافی مفعول بہ ب حرف جار الهُدٰی معطوف علیہ واؤ حرف عطف دِینِ الحَقِّ ترکیب اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَت لَهُم جَنّٰتُ الفِردَوسِ نُزُلًا (بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے فردوس کے باغ مہمانی ہیں) اِنَّ حرف مشبہ بفعل الَّذِینَ اسم موصول اٰمَنُوا فعل ماضی با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف عَمِلُوا فعل ماضی با فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول

بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ، موصول اپنے
صلہ سے مل کر اسم ہوا اَنَّ کا، کَانَتْ فعل ناقص لَهُمْ جار مجرور ہو کر ظرف لغو جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ
بترکیب اضافی اسم ہوا کانت کا، نُزُلًا خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر اور ظرف لغو سے مل کر جملہ
فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی اَنَّ کی، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
(اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ (بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے
ہیں نبی پر) اِنَّ حرف مشبہ بفعل کلمہ جلالت معطوف علیہ واؤ حرف ملٰٓئکتہ بترکیب
اضافی معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم، یصلون فعل مضارع بافاعل علی النبی
جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ
بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (اے وہ لوگ جو ایمان لائے تم ان پر درود پڑھو اور خوب سلام بھیجو) یا حرف
ندا قائم مقام اَدْعُوْا فعل کے ادعوا فعل مضارع بافاعل اَیّ موصوف ھا برائے تنبیہ
الذین اسم موصول آمنوا فعل ماضی بافاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ منادیٰ، فعل اپنے فاعل اور
مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — صلوا فعل امر بافاعل علیہ جار مجرور ہو کر
ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف
سلموا فعل امر حاضر بافاعل تسلیما مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ
فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا — وَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ (اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اللہ
کی نشانیوں کو جھٹلایا وہ سب دوزخی ہیں) واؤ عاطفہ الذین اسم موصول کفروا فعل ماضی بافاعل
فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف کذبوا فعل ماضی بافاعل
ب حرف جار آیٰتنا بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور
ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ، موصول اپنے
صلہ سے مل کر مبتدا، اولٰئک اسم اشارہ مبتدا، اصحٰب النار بترکیب اضافی خبر، مبتدا
اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فَاتَّقُوا
النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ (بس ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور
پتھر ہے) ف جزائیہ اتقوا فعل امر بافاعل النار موصوف التی اسم موصول وقودھا بترکیب

اضافی مبتدا، الناس معطوف علیہ واؤ حرف عطف الحجارۃ معطوف، معطوف علیہ اپنے
معطوف سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر
صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ہے، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ
فعلیہ انشائیہ ہوا — وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ (اور
وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہ سب جنتی ہیں) قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ
مَا تَعْبُدُوْنَ (تم فرماؤ اے اہل کتاب تم کیوں اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہو) اس
قسم کی ترکیب گذر چکی ہیں اسی پر قیاس کرو — وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ (اور اللہ
تعالیٰ گواہ ہے اس بات پر جو تم کرتے ہو) واؤ عاطفہ کلمہ جلالت (اللہ) مبتدا شہید
شبہ فعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل علیٰ حرف جار ما اسم موصول تعملون فعل مضارع
بافاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور
جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر،
مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اور وہ
لوگ جو ایمان لائے وہ جنگ کرتے ہیں اللہ کے راستے میں) واؤ عاطفہ الذین اسم موصول
آمنوا فعل ماضی بافاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر
مبتدا یقاتلون فعل مضارع بافاعل فی حرف جار سبیل اللہ بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے
مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ
(بے شک وہ لوگ جنہوں نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے) اِنَّ حرف
مشبہ بفعل الذین اسم موصول کفروا فعل ماضی بافاعل ب حرف جار آیات اللہ بترکیب اضافی
مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
موصول اپنے صلہ سے مل کر اسم لھم جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر مقدم عذاب شدید بترکیب
توصیفی مبتدائے موخر، مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ
بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ
(اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ جنگ کرتے ہیں شیطان کے راستے میں) فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ
(پس شیطان کے دوستوں سے جنگ کرو) وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ (اور ان
لوگوں کے لئے جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا جہنم کا عذاب ہے) واؤ عاطفہ لام حرف جار الذین

اسم موصول کفروا فعل ماضی با فاعل ب حرف جار ربھم بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابتٌ کا ثابتٌ بترکیب سابق خبر مقدم عذاب جھنم بترکیب اضافی مبتداء مؤخر، مبتداء مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(اعداد کا استعمال)

کَوکَبٌ (ستارہ، تلوار، پانی، گرمی کی سختی، لوہے کی چمک دمک، سردار قوم، قیدخانہ، فوج، پہاڑ وغیرہ) جمع کَواکِبُ — الدینارُ (سونے کا پرانا ایک سکہ) جمع دنانیر — اَلدِّرْهَم (چاندی کا سکہ) جمع دَراهِم — نَعْجَةٌ (بھیڑ) جمع نِعاجٌ ونَعَجاتٌ — النَّهْرُ (ندی، دریا) جمع اَنْهُرٌ واَنْهارٌ، نُهُرٌ، نُهُورٌ — اَلذِّراعُ (گز) جمع اَذْرُعٌ، ذُرْعان — الاعطاءُ (دینا) مصدر باب افعال — اَلْبَنْجابُ (پنجاب) —

اِشْتَرَيْتُ ثَلٰثَةَ كُتُبٍ (میں نے تین کتاب خریدا) اشتریت فعل ماضی با فاعل ثلثة ممیز مضاف کتب تمیز مضاف الیہ، ممیز مضاف اپنے تمیز مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — زَيْدٌ باعَ الكِتابَيْنِ (زید نے دو کتاب بیچی) زیدٌ مبتدا باعَ فعل ماضی با فاعل الکتابین مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر — قَرَأْتُ كِتابًا (میں نے ایک کتاب پڑھی) رَأَيْتُ نِسْوَةً اَرْبَعًا (میں نے چار عورتوں کو دیکھا) لَقِيْتُ سَبْعَةَ رِجالٍ (میں نے سات مردوں سے ملاقات کی) ان سب جملوں کی ترکیب گذر چکی ہیں — خَمْسَةُ اَنْهارٍ تَجْرِيْ بِالْبَنْجابِ (پنجاب میں پانچ دریا بہتے ہیں) خمسة ممیز مضاف انھار تمیز مضاف الیہ، ممیز مضاف اپنے تمیز مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، تجری فعل مضارع با فاعل بالبنجاب جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اَعْطَيْتُ زَيْدًا سِتَّةَ اَقْلامٍ (میں نے زید کو چھ قلم دیا) ترکیب گذر چکی — فِي الصَّلٰوةِ اَرْكانٌ سَبْعَةٌ (نماز میں سات ارکان ہیں) فی الصلوٰة جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتةٌ کا ثابتةٌ بترکیب سابق خبر مقدم ارکان سبعة بترکیب توصیفی مبتداء مؤخر، مبتداء مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ضِعْفُ الاَرْبَعَةِ ثَمانِيَةٌ (چار کا دونا آٹھ ہے) ضعف الاربعة بترکیب اضافی مبتداء ثمانية خبر، مبتدا اپنی

خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — عِنْدِيْ تِسْعُ طَيّاراتٍ (میرے پاس نو ہوائی جہاز ہیں) عندی بترکیب اضافی مفعول فیہ ہوا ثابتٌ کا ثابتٌ اسم فاعل با فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم تسعُ طیارات ممیز مضاف اور تمیز مضاف الیہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — كَتَبَ زَيْدٌ بِعَشَرَةِ اَقْلامٍ (زید نے دس قلم سے لکھا) کتب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زیدٌ فاعل ب حرف جار عشرة ممیز مضاف اقلام تمیز مضاف الیہ، ممیز مضاف اپنے تمیز مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — قالَ الشَّيْخُ عَبْدُ القاهِرِ الجُرْجانِيُّ (شیخ عبدالقاہر جرجانی نے کہا) قال فعل ماضی معروف الشیخ مبدل منہ عبد القاهر موصوف الجرجانی الف لام تعریف کا جرجانی اسم منسوب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — فِي النَّحْوِ مِائَةُ عامِلٍ (نحو میں سو عامل ہیں) فی النحو جار مجرور ہو کر قائم مقام خبر مقدم مائة عامل ممیز مضاف اور تمیز مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ہوئے مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فِي غُلِسْتانَ ثَمانِيَةُ اَبْوابٍ (گلستان میں آٹھ باب ہیں) ما قبل پر قیاس کرو — جاءَ رِجالٌ العُمْيانُ اِلَى القَرْيَةِ (دو بہرے گاؤں کی طرف آئے) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے) اَعْطِنا اَرْبَعَةَ دَراهِمَ (تو ہم کو چار درہم دے) اَعْطِ فعل امر حاضر با فاعل نا ضمیر مفعول بہ اول اربعة ممیز مضاف، دراھم تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف اپنے تمیز مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — اِنِّيْ اَرَى تِسْعَةَ كَواكِبَ (بے شک میں نو ستارے دیکھ رہا ہوں) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم اَرَى فعل مضارع با فاعل تسعة کواکب ممیز مضاف اور تمیز مضاف الیہ مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — جاءَتْنِيْ عَشَرَةُ رِجالٍ (میرے پاس دس مرد آئے) جاءت فعل ماضی معروف واحد مؤنث غائب ن وقایہ کی ی مفعول بہ عشرة ممیز مضاف رجال تمیز مضاف الیہ، ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — اِشْتَرٰى زَيْدٌ ثَلٰثَةَ اَذْرُعٍ مِنَ الثَّوْبِ بِدِيْنارَيْنِ (زید نے تین گز کپڑا دو دینار میں خریدا) اشتری فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زیدٌ فاعل ثلثة اذرع ممیز

لونُ الوردِ بترکیب اضافی مبتدا، ضاربٌ اسم فاعل بافاعل الی الحمرۃ جار مجرور ہو کر ظرف
لغو اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا ـــ وقودُ الموقدِ حطبٌ وفحمٌ (چولہے کا ایندھن لکڑی اور کوئلہ ہے)
الکلبُ یشربُ ماءً (جھوٹا کتا جمنا کا پانی پیتا ہے) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے ـ مَنْ
جاءَ ففتحَ البابَ (کون آیا اور دروازہ کھولا) مَن اسم استفہام مبتدا، جاءَ فعل ماضی
معروف بافاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف فتحَ فعل
ماضی معروف بافاعل الباب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ
اللہ تعالیٰ نے انسان کو سننے والا دیکھنے والا بنایا۔ اور اس کے لئے کان بنایا تاکہ حق سنے۔ اے ہمارے رب! تو پھیر دے میری آنکھ کو اس طرف سے جس سے تو راضی ہے۔ انسان دو پیروں سے چلتا ہے۔ انگلیوں کے سرے سے کلائی تک اپنا ہاتھ دھو۔ تہبند اسکو ناف اور گھٹنے کے درمیان ہے۔ ہر انسان کے واسطے ایک زبان اور دو ہونٹ ہیں۔ اے طالب علموں جان لو کہ بے شک دونوں ہاتھ اور دونوں پیر کی انگلیوں کے سروں سے دھونے کی ابتداء کرنا وضو کی سنتوں میں سے ہے۔ سجدہ کرتے وقت ناک اور پیشانی زمین پر رکھو۔ اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف پھیرو۔ پہلے نماز سنت پڑھ بلکہ جماعت سے پڑھ۔ قلم اور دوات لا تاکہ میں درست کردوں اسکو جو تو نے لکھنے میں غلطی کی ہے۔ تو نے کتنی رکعت نماز پڑھی ہے؟ مجھے یاد نہیں۔ اے ہوٹل والے! میں دوپہر کا کھانا کھانے آیا ہوں۔ بولئے کیا حاضر کروں۔ کیا تیرے پاس بھنا ہوا گوشت ہے؟ ہاں! تو اسے لاؤ۔ مجھے پلاؤ بہت پسند ہے۔ میرے لئے تین چپاتی پکاؤ۔ اے درزی! میرے لئے ایک جبہ اور ایک پائجامہ سی دو۔ تم کہاں جانا چاہتے ہو؟ جلد ساز کے پاس۔ کیوں؟ چونکہ میں جلد ساز ڈھونڈ رہا ہوں کیلئے کیا آپ ہی جلد ساز ہیں؟ ہاں جناب! کتنی اجرت لیتے ہو؟ میں ایک کتاب کی دو آنے لیتا ہوں۔ تم ابھی کیا پڑھ رہے ہو؟ میں ماہانہ رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ یہ ہفتہ واری اخبار کہاں سے نکلتا ہے؟ یہ بمبئی سے نکلتا ہے۔

(المدرسۃ والساعۃ)

(مدرسہ اور گھڑی)

اے بھائی! مدرسہ کب چلو گے؟ اے ساتھی جلدی مت کر۔ ابھی مدرسہ چلتا ہوں۔ کیا تیرے پاس گھڑی ہے؟ ہاں! کتنا بجا ہے؟ دس بجے ہیں۔ اے خالد تیری گھڑی میں کتنا بجا ہے؟ دس بج کر

دس منٹ ہو چکے ہیں۔ میں گمان کرتا ہوں کہ وہ درست آگے ہے۔ (میرے خیال میں آگے ہے)۔ کیا تجھے اپنی گھڑی پر بھروسہ ہے؟ ہاں اسلئے کہ وہ ہمیشہ ٹھیک ٹائم چلتی ہے۔ اے سعید جلدی کرنا ضروری ہے۔ اے احمد! تیری گھڑی کا کیا حال ہے؟ اس کے ایک سے زیادہ قوت دو گھنٹے۔ وہ آج اچانک بند ہوگئی۔ شاید تو نے اسکو چابی نہیں دی۔ نہیں [illegible] تیری گھڑی کیسی چیز ہے؟ میری گھڑی دستی گھڑی ہے۔ [illegible] سوئی تو وہ سکنڈ کو بتاتی ہے۔ اور دوسری سوئی منٹ بتاتی ہے اور تیسری سوئی گھنٹہ بتاتی ہے۔ اے سعید! آج تو کہاں جا رہا ہے؟ میں دار العلوم فیض الرسول جا رہا ہوں۔ یہاں سے اس کی مسافت کتنی ہے؟ دو میل۔ تم کون سی کتابیں پڑھتے ہو؟ میں ہدایۃ النحو، مرقات، علم الصیغہ اور کتاب التعلیل پڑھتا ہوں۔ کس کے پاس پڑھتے ہو؟ مولانا ضیاء الدین کے پاس۔ اسباق کب سے شروع ہوتے ہیں؟ صبح آٹھ بجے سے۔ کب تک جاری رہتے ہیں؟ بارہ بجے تک۔ اے رشید میری کتاب کہاں ہے؟ میں نے اسے [illegible] لیا تھا تو تم اس سے لے لو۔ گھنٹی بج گئی۔ لہٰذا مجھے جانے دیجئے۔ ورنہ استاذ مجھ پر ناراض ہوں گے۔ ارے کوئی طالب علم ہے؟ جی حضور میں حاضر ہوں جلد آ۔ اور سبق شروع کر۔ حضور والا! آپ نے میرا قلم تراش دیا؟ ہاں جا اور اسے قلمدان سے نکال لے۔ میں نے کافیہ میں بحث کو ختم کر دیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے بندوں میں اس سے ڈرنے والے علما ہی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا [illegible] ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

(اردو کی تعریب)

يا سعيدُ الم تقدمت ساعتك لحظةً۔ قد دوّر خالد الساعة في الساعة السادسة۔ ساعة لسير مستقيمةً الى الآن۔ قد صارت ساعة فوق الساعة الثامنة۔ هل من رجل ههنا۔ نعم يا سيدي! اذهب بهذا المكتوب والقه في صندوق البريد۔ اين تذهب للقراءة۔ يا سيدي! الى المدرسة العربية۔ على اى شئ تدل العقرب الاولى من الساعة۔ على من قرأت علم الصيغة۔ الجرسُ قد ضُرب۔ هل الآن الى المدرسة۔ متى ينعقد الاحتفال السنوي في مدرستك۔ هاتني بكتب۔ كم درسًا تحفظ في الوقت۔ ما قال لك الشرى الوكي۔ اين ليكن الدكتور عبد الله افتح احمد صبية المدرسة۔ قد اتممت الكتاب هذا لكن لا اذكر لك۔ اى كتب قد قرأت۔ ما اسم العالم الذى اقرء زيدًا۔

الكتابُ الذى قرأتها جديد۔ لا كتاب ههنا۔ لقى رشيد اربعة علماء۔ لم لا يكفى خالدٌ عن صياحه۔ اصومُ مع اخى عليّ۔ بئس يا ابن يا هت على اللذة مع انه تيمكن من المشى على الاقتداء۔ لا اعاقب الاولاد الا انه غير مصلٍ۔ وُلدَ ابنى فى سنة ثمانين وثلث مائة والف من الهجرية۔ نمرة سيارتى خمسون وثلث مائة وستة آلاف۔

(تاج محل)

القرنُ (صدی) جمع قرون۔ الضريحُ (قبر) جمع ضرائح۔ البنيانُ (عمارت) الضفةُ (دریا کا کنارہ) جمع ضفات۔ آغرہ (آگرہ) بناء (معمار) بناؤن۔

شاہ جہاں دسویں صدی ہجری میں ہندوستان کے بادشاہوں میں سے عظیم الشان بادشاہ تھا۔ اور اس کی ایک بیوی تھی جس کا نام ممتاز محل تھا۔ اور وہ اس سے بہت محبت کرتا تھا۔ اور اسی کے بطن سے شہنشاہ عالمگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پیدا ہوئے۔ اور وہ شاہجہاں کی اولاد میں تھے۔ روایت کی جاتی ہے کہ ممتاز محل کی جب موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے شوہر شاہ جہاں سے درخواست کی کہ وہ اس کی قبر پر ایک ایسی عمارت تعمیر کرائے جسکی مثال ہندوستان میں نہ ہو۔ تو اس نے اس کا حکم دیا پس آگرہ میں جمنا (ندی) کے کنارے ایک عمارت بنائی گئی۔ یہ وہی ہے جسکو تاج محل کہا جاتا ہے مورخین کا بیان ہے کہ اس کی تعمیر بیس سال میں مکمل ہوئی ہے۔ اور بیس ہزار معمار (کاریگر) اور مزدور روزانہ کام کرتے تھے اور وہ دنیا کی عجوبہ عمارتوں میں سے ہے۔

(المناظرة) (سیدنا ابراهيم عليه السلام اور بادشاہ نمرود کے درمیان مناظرہ)

الاحياءُ (زندہ کرنا) مصدر باب افعال۔ الاماتةُ (مردہ کرنا) مصدر باب افعال۔ البلادةُ (ناسمجھ ہونا، کند ذہن ہونا) مصدر باب سمع۔ الجسد (جسم) جمع اجساد۔ البليدُ (کند ذہن، کمزور ذہن) البهت (ہکا بکا رہ جانا، ہکا بکا کرنا) مصدر باب سمع وکرم وفتح۔ اللبُّ (عقل، ہوش) جمع الباب۔

جب سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نمرود کے پاس تشریف لے گئے۔ اور اسکو اسلام اور ایمان باللہ کی طرف بلایا۔ نمرود نے ان سے کہا تیرا رب کون ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا۔ میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو زندگی اور موت جسموں میں پیدا فرماتا ہے وہ میرا رب ہے۔ لیکن نمرود نے یہ مطلب کند ذہنی کی وجہ سے نہیں سمجھا۔

اور کہا میں زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں۔ اور اس نے دو آدمی کو بلایا پس اس نے ان میں سے ایک کو قتل کر دیا اور دوسرے کو چھوڑ دیا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ملاحظہ فرمایا کہ وہ کم عقل ہے تو آپ نے اس پر ایک روشن دلیل پیش فرمائی ۔ اور اس سے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ سورج کو پورب سے نکالتا ہے اور اگر تو اپنے آپکو خدا گمان کرتا ہے تو تو اسکو پچھم سے نکال ۔ اس لئے کہ جو خدا ہوتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہوتا ہے ۔ تو کافر ہکا بکا رہ گیا ۔ یعنی صرف اس بات کو سنتے ہی سے اس کا ہوش اڑ گیا ۔ اور جواب نہ دے سکا ۔

(سَیِّدُنَا السَّالَارُ مَسْعُودُ الْغَازِی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

التوجہ (روانہ ہونا) مصدر باب تفعل ۔ التوجیہ (بھیجا، روانہ کرنا) مصدر باب تفعیل ۔ بھرائچ (شہر کا نام) الأیمنیہ (ساجزادی) ستر کھ (سترکھ ضلع بارہ بنکی میں ایک قصبہ کا نام ہے) الشُرطی (کوتوال سپاہی پولیس) جمع شُرَط ۔ ذوالعاھۃ (مصیبت زدہ) رماية السھم (تیر اندازی) الفرَاسۃ (شہسواری) الممارسۃ (مشق کرنا) مصدر باب مفاعلہ ۔ ستر معلی (سرکار غازی کی والدہ محترمہ کا نام) التسیف (شمشیر زنی) مصدر باب تفعل ۔ طعن الرمح (نیزہ بازی) التجھز الشدید (خوب تیاری کرنا) الصول (حملہ کرنا، چڑھائی کرنا) الامیر الھندوکی (راجہ) ۔

وہ اسلام اور مسلمانوں کے مددگار ہیں ۔ غازیوں اور مجاہدوں کے رہنما ہیں ۔ پرچم اسلام کو اٹھانے والے ہیں ۔ بتوں کے رعب کو توڑنے والے ہیں ۔ بہت مشہور شہداء عظام ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان سے اور ان کے آباد کرام سے راضی ہو ۔ یہ وہی ہیں جنکو ہندوستان کے مسلمان، ہندو، مرد، عورتیں اور بچے غازی میاں اور بالے میاں کے نام سے جانتے ہیں ۔ آپ کا نسب شریف مومنوں کے امیر اور مسلمانوں کے رئیس اعظم سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ملتا ہے ۔ وہ نسب نامہ درج ذیل ہے ۔ سلطان الشہداء السالار مسعود غازی جو بیٹے ہیں سالار ساہو غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عطاء اللہ غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ طاہر غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ طیب غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ محمد غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عمر غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ ملک آصف غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ بطل غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عبد المنان غازی کے وہ بیٹے ہیں سیدنا امام محمد غازی کے وہ بیٹے ہیں امیر المومنین فاتح خیبر شیر خدا سیدنا علی کے رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعنہم ۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ستر معلی کے بطن سے بروز اتوار بوقت صبح صادق اکیس رجب سن چار سو

پانچ ہجری (۲۱ رجب ۴۰۵ھ) مطابق سن ایک ہزار چودہ عیسوی (۱۰۱۵ء) کو اجمیر شریف میں پیدا ہوئے ۔ جبکہ آپ کے والد سالار ساہو علیہ الرحمہ سلطان اعظم محمود غزنوی کی جانب سے وہاں کے والی تھے ۔ اور حضرت ستر معلی علیہا الرحمہ سلطان سبکتگین کی صاحبزادی اور سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ اور سالار ساہو علیہ الرحمہ کی بیوی تھیں ۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علوم دینیہ غازی ابراہیم بارہ ہزاری سے حاصل کیا ۔ اور آپ دس سال کی عمر میں علم ظاہری اور باطنی کے عالم ہو گئے ۔ اور تیر اندازی، نیزہ بازی، شمشیر زنی اور شہسواری کی مشق کی ۔ اس لئے کہ آپ ابتداء عمر مبارک ہی سے اسلام کی تبلیغ اور اشاعت دین کے شیدائی تھے ۔ اور اللہ رب العالمین کی راہ میں جہاد اور جنگ کرنے کے گرویدہ تھے ۔ اور آپنے بیعت وخلافت اپنے والدگرامی علیہ الرحمہ سے حاصل کی ۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ماموں سلطان محمود کے ساتھ سومناتھ (مندر) کے فتح کے بعد غزنی تشریف لے گئے ۔ اور کچھ دنوں وہاں قیام فرمایا ۔ پھر گیارہ ہزار سواروں کے ساتھ ہندوستان کی طرف اسلام کی آواز کو اس کے گوشہ گوشہ میں بلند کرنے کیلئے روانہ ہوئے اور کابل جلال آباد اور سندھ ہوتے ہوئے ملتان پہونچے اور وہاں چار مہینے قیام فرمایا ۔ پھر دلی، میرٹھ اور قنوج ہوتے ہوئے سترکھ ضلع بارہ بنکی میں تشریف لائے ۔ اور اس وقت آپ کے والدگرامی کابلیر کے گورنر تھے اور آپ کی والدہ بھی آپکے والد کے ساتھ تھیں ۔

اور جب آپ کی والدہ نے سنہ ۴۲۳ھ میں کابلیر میں انتقال فرمایا تو آپ کے والد صاحب بھی سترکھ میں تشریف لے آئے ۔ اور وہیں مقیم ہو گئے ۔ پھر سیدنا غازی مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گورنروں کو اسلام کی تبلیغ کیلئے قرب وجوار میں بھیجا ۔ اور اپنے عم بزرگوار سالار سیف الدین سرخ رو اور سالار رجب کوتوال کو اسلام کی طرف بلانے والے مجاہدین کی جماعت کیساتھ بہرائچ بھیجا ۔ اور جب یہ لوگ بہرائچ پہونچے اور توحید کی آواز اس کے اطراف میں پھیلی تو ہندوستان کے راجاؤں نے ان کی اقامت کو ناپسند کیا (برا سمجھا) اور ان لوگوں کا محاصرہ کرلیا تو سالار سیف الدین نے سیدنا غازی کے پاس خط لکھا اور ان کو صورت حال سے مطلع کیا اور ان سے مدد طلب کی ۔ تو سیدنا غازی سترکھ سے نکلے اور ۱۰ شعبان ۴۲۳ھ کو بہرائچ پہونچے ۔ تو بے دین سرکش لوگ اس وقت تو پیچھے ہٹ گئے ۔ پھر ان لوگوں نے خوب تیاری کی اور جنگ کے ارادہ سے آئے ۔ پس لشکر اسلام اور ہندو راجاؤں کی فوج کے درمیان بہرائچ کے علاقہ میں جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے ۔ اور لشکر مسعودیہ کے غازیوں نے تعداد کی قلت کے باوجود دشمنوں کے پجاریوں کو

سعد لڑائیوں میں شکست دی۔

پھر آخری معرکہ خاص بہرائچ میں ہوا۔ جسمیں ہندوستان کے اکیس راجا اپنی اپنی بہت سی فوجوں کے ساتھ جمع ہوئے۔ اور ان لوگوں نے اہل حق پر حملہ کر دیا۔ تو سیدنا غازی نے اپنی فوج کے ساتھ ان لوگوں سے شدید جنگ فرمائی۔ اور ۱۳ رجب سنہ ۴۲۴ھ کو سالار سیف الدین علیہ الرحمہ عساکر اسلام کے جم غفیر کے ساتھ شہید ہو گئے۔ اور دوسرے دن ۱۴ رجب کو سیدنا غازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ کے راستے میں شہادت کا جام نوش فرمایا۔ اور ہمیشہ کیلئے بہرائچ میں پرچم اسلام نصب کر دیا۔ آپ کے والد بزرگوار سالار ساہو علیہ الرحمہ نے ۲۵ شوال سنہ ۴۲۳ھ کو ستر کھ میں انتقال فرمایا اور وہیں دفن ہوئے اور ان کی قبر کی زیارت کیجاتی ہے اور اس سے برکت حاصل کی جاتی ہے۔ اور سلطان الشہداء سیدنا غازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہرائچ میں دفن کیا گیا۔ اور ان کے قبر منور کی بڑے چھوٹے امیر غریب علماء اور مشائخ زیارت کرتے ہیں۔ اور بے شک اللہ رب العالمین نے ان کے جہاد اور ان کی لڑائی کو قبول فرمالیا۔ اور ان کو برکات کا مخزن بنا دیا اور تصرفات پر قدرت عطا فرمائی۔ اور بہت سے کوڑھی اندھے اور مصیبت زدہ جو ان کے قبر شریف کے پاس آئے اللہ تعالیٰ نے انہیں شفا عطا فرمائی۔ پس اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور ان کو ہم سے راضی کرے۔

سیدنا الغوث الاعظم الجیلانی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ افراد میں یکتا، سیدوں کے سید، بندوں کو نفع پہونچانے والے، شہروں کی اصلاح کرنیوالے، فساد کو دور کرنیوالے، رشد و ہدایت کے شیخ، مراد کو عطا فرمانے والے، اوتاد کے مرجع، کونین کے غوث، دونوں فریق کے امام، ماں اور باپ کی طرف سے عمدہ حسب و نسب والے، حسن وحسین کے بیٹے، ثقلین کے غوث، افضل مفسر، افضل محدث، کامل فقیہ، امت کے مفتی، اسلام کو زندہ کرنیوالے، روشن شریعت کے رائج کرنیوالے، روشن طریقے کے مجدد، روشن سنت کی تائید کرنیوالے، بدعت سیئہ کو توڑنے والے، اللہ کے محبوب، حق کو پہچاننے والے، محکم دستگیر، روحانی پیشوا، اللہ کی راہ پر چلنے والے، ربانی قطب، سید ابو محمد محی الدین عبدالقادر جیلانی ہیں۔ اللہ پاک بہت نعمت عطا کرنیوالا ان سے اور ان کے آباء کرام، اور ان کے مشہور بزرگوں، بڑے بڑے خلیفوں، اور ان سے نسبت رکھنے والوں سے قیامت تک راضی ہو۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنہ ۴۷۰ھ میں جیلان میں پیدا ہوئے۔ اور آپ والدہ کی جانب سے حسینی اور والد کی جانب سے

حسنی ہیں۔ اور باپ کا حسنی ہونا اس طرح ہے کہ آپ بیٹے ہیں سید ابو صالح موسیٰ کے وہ بیٹے ہیں سید ابو عبداللہ کے وہ بیٹے ہیں یحییٰ زاہد کے وہ بیٹے ہیں سید محمد کے وہ بیٹے ہیں سید داؤد کے وہ بیٹے ہیں سید موسیٰ کے وہ بیٹے ہیں سید عبداللہ کے وہ بیٹے ہیں سید موسیٰ جون کے وہ بیٹے ہیں سید عبداللہ محض کے وہ بیٹے ہیں سید حسن مثنیٰ کے وہ بیٹے ہیں سیدنا امیر المومنین السید الامام الامام حسن کے وہ بیٹے ہیں امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ اور سیدہ فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیہم اجمعین کے۔

اور ماں کا حسینی ہونا اس طرح ہے کہ آپ بیٹے ہیں ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ کے وہ بیٹی ہیں سید عبداللہ صومعی کی وہ بیٹے ہیں سید جمال الدین محمد کے وہ بیٹے ہیں سید محمد کے وہ بیٹے ہیں سید امام علی رضا کے وہ بیٹے ہیں سید امام موسیٰ کاظم کے وہ بیٹے ہیں سید امام جعفر صادق کے وہ بیٹے ہیں سید امام محمد باقر کے وہ بیٹے ہیں سید امام زین العابدین علی کے وہ بیٹے ہیں السید الامام الہمام سید الشہداء ابو عبداللہ حسین کے وہ بیٹے ہیں امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ اور سیدہ فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و علیہم اجمعین کے۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس وقت اپنی ماں کی گود میں شیر خوار تھے۔ رمضان کے دنوں میں ماں کا دودھ نہیں نوش فرماتے تھے۔ پس اس وقت یہ بات جیلان میں پھیل گئی کہ سادات میں ایک ایسا لڑکا پیدا ہوا ہے جو رمضان کے دنوں میں دودھ نہیں پیتا ہے۔

پس دیکھو اے لوگو! بے شک ہمارے غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی شیر خوارگی کے زمانے میں شریعت نبویہ کے بہت متبع تھے۔ صاحب شریعت پر صلوٰۃ و سلام ہو۔ اور جب آپکو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا شوق ہوا تو آپ نے جیلان سے سفر کیا اور سنہ ۴۸۸ھ میں بغداد پہونچے۔ اور وہاں امت کے بڑے بڑے علماء کی طرف متوجہ ہوئے۔ پس آپ قرآن عظیم میں مشغول ہوئے یہاں تک کہ آپنے اسکو محفوظ کر لیا اور اس کے ظاہر و باطن کو حاصل کر لیا۔ اور قاضی ابو سعید مبارک بن علی مخرمی اور ابو الوفاء علی بن عقیل اور ابو الخطاب محفوظ بن احمد کلوذانی اور ابو الحسن محمد بن قاضی ابن ابی یعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم جیسے کامل فقیہوں سے علم فقہ حاصل کیا۔ اور احادیث نبویہ کو ستر محدثین سے زیادہ لوگوں سے سماعت فرمائی جن میں سے ابو غالب محمد بن حسن باقلانی اور ابو بکر احمد بن مظفر اور ابو القاسم علی بن احمد کرخی اور ابو عثمان اسمٰعیل بن محمد اصبہانی اور محمد بن مختار ہاشمی اور ان کے علاوہ بہت سے محدثین ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

اور ادب ابو بکر زکریا یحییٰ بن علی تبریزی کے پاس پڑھا (علیہ الرحمہ) اور امام المحققین ابو الخیر حماد بن مسلم

سید ابو محمد عبداللہ کے وہ بیٹے ہیں سید کمال الدین عیسیٰ کے وہ بیٹے ہیں ابو علاء الدین محمد جواد کے وہ بیٹے ہیں

و باس کی صحبت اختیار فرمائی اور ان سے علم طریقت سیکھا۔ اور بڑے بڑے زاہدین زمانہ اور بڑے پرہیزگاروں کی جماعت سے ملاقات کی پس ان لوگوں سے علوم شریعت حاصل کرنے اور فنون وغیرہ سیکھنے میں برابر کوشش کرتے رہے۔ یہاں تک کہ عراق کے تمام بزرگوں پر سبقت لے گئے۔ اور زمانے کے علماء پر فائق ہو گئے۔ پھر آپ اعلیٰ ریاضت و مجاہدہ میں مشغول ہوئے تو پچیس سال عراق کے جنگلوں اور ویرانوں میں پھرتے ہوئے تنہا عبادت کرتے رہے۔ اور چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے رہے۔ اور پندرہ سال تک عشاء کی نماز پڑھکر پھر قرآن شریف کی تلاوت فرماتے رہے اس حال میں کہ ایک پاؤں پر کھڑے رہتے یہاں تک کہ صبح کے وقت قرآن شریف ختم کر لیتے۔ اور جب آپ کا مجاہدہ ختم ہوا تو شیخ اجل فقیہ قاضی ابو سعید مبارک بن علی مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست مبارک سے خرقہ شریف پہنا۔

اور جب اللہ رب العلمین نے آپکو مخلوق کیواسطے ظاہر فرمایا اور آپکو مقبول خاص و عام کر دیا۔ تو آپ لوگوں کے سامنے تقریر کرنے اور انکو نصیحت کرنے میں مشغول ہو گئے۔ اور آپ کا پہلا جلسہ وعظ شوال سنہ ۵۲۱ھ میں منعقد ہوا۔ اور لوگ آپکی مجلس وعظ میں دور دراز مقامات سے گھوڑوں، خچروں، گدھوں اور اونٹوں پر آتے یہاں تک کہ حاضرین کی تعداد ستر ہزار ہو جاتی۔ اور چار سو کاتب آپکی مجلس میں حاضر رہتے اور آپ سے سنتے تھے اسے لکھتے۔ اور آپکی مجلس میں آپکی نصیحت کی تاثیر سے دو، تین مرد مر جاتے تھے۔ اور آپکی کوئی مجلس ایسی نہ ہوتی جو خالی ہو یہود و نصاریٰ کے مسلمان ہونے سے اور رہزنی اور قتل سے توبہ کرنے والوں سے اور عقائد باطلہ رکھنے والوں یعنی روافض وغیرہ کے رجوع کرنے سے۔ اور آپ کے دست مبارک پر پانچسو سے زیادہ یہودی اور عیسائی مسلمان ہوئے۔ اور آپکے دست مبارک پر ایک لاکھ سے زیادہ راہزنوں، جان مار ڈالنے والوں، اور دوسرے بڑے گناہ گاروں اور بے دینوں نے توبہ کی۔

اور جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تدریس کیلئے مسند صدارت کو زینت بخشی تو آپکے پاس دنیا کے گوشے گوشے سے طالب علم حاضر ہوئے۔ اور آپ سے علم سیکھا اور سماعت کی۔ اور فقہاء کی ایک کثیر جماعت نے آپ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ اور بہت سے علماء آپکی جانب منسوب ہوئے۔ اور آپ اپنے مدرسہ میں تفسیر، حدیث، فقہ اور نحو وغیرہ کا درس دیتے تھے اور قرآن مجید کو تمام قراتوں کے ساتھ پڑھاتے تھے۔ اور جن لوگوں نے آپ سے علم فقہ حاصل کیا اور آپ سے احادیث سماعت کی ان میں سے آپکے مبارک فرزندوں میں سے شیخ امام سیف الدین عبدالوہاب اور امام بے نظیر سید تاج الدین عبدالرزاق اور امام اوحد سید شرف الدین عیسیٰ اور امام جلیل سید شمس الدین عبدالعزیز اور شیخ امام سید

جمال الدین عبدالجبار اور شیخ امام سید ضیاء الدین موسیٰ اور عالم جلیل سید ابو عبداللہ عبدالرحمن اور فاضل فقیہ سید یحییٰ اور شیخ اجل سید ابو محمد ابراہیم اور فاضل جلیل سید ابو الفضل محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں ۔۔۔ اور تم جان لو کہ بیشک جب سیدنا شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے قطبیت کا جھنڈا بلند کیا گیا اور ان کے سر پر غوثیت کا تاج رکھا گیا اور عالم میں تصرف عام کی خلعت پہنائی گئی اور ولایت دینے اور چھیننے کا اختیار آپکو عطا کیا گیا تو حکم دیا گیا کہ آپ اپنے اس مقام کا اعلان کریں۔ تو آپ نے مجمع عام میں اپنی مجلس بغداد میں فرمایا "یہ میرا قدم اللہ کے تمام ولیوں کی گردن پر ہے" اور اس وقت پچاس سے زیادہ بڑے بڑے اولیاء آپکی مجلس میں حاضر تھے جیسے شیخ اجل علی بن ہیتی اور شیخ سید ابو سعید قیلوی اور شیخ ابو نجیب عبدالقاہر سہروردی اور ان کے بھتیجے شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی اور شیخ ابو عمرو عثمان صریفینی اور شیخ ابو محمد عبدالحق حریمی اور شیخ بقا بن بطو اور ان کے علاوہ مشائخ۔ تو سیدنا علی بن ہیتی اس بات کو سنتے ہی جلدی سے کھڑے ہو گئے۔ اور آپ کی کرسی کے سامنے ہو گئے اور اس پر چڑھ گئے اور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قدم کو پکڑ کر اسکو اپنی گردن پر رکھا۔ اور آپکے دامن کے نیچے داخل ہو گئے۔ اور ان سب بزرگوں نے اپنی اپنی گردنوں کو اس مجلس میں آپکے سامنے جھکا دیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ اور رہے دنیا کے گوشے گوشے کے وہ اولیاء جو اس مجلس بغداد میں حاضر نہ تھے تو ان لوگوں نے بھی اسی وقت اپنے سروں کو جھکا لیا۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ بیشک شیخ احمد بن ابی الحسن رفاعی نے اپنا سر ام عبیدہ میں جھکا لیا اور شیخ عبدالرحمن طفسونجی نے طفسونج میں اور شیخ محمد بن موسیٰ البصری نے بصرہ میں اور شیخ حیات بن قیس حرانی نے حران میں اور شیخ سوید سنجاری نے سنجار میں اور شیخ رسلان نے دمشق میں اور شیخ شعیب ابو مدین نے مغرب افریقہ میں اور شیخ عبدالرحیم حسینی تناوی نے قنا میں اور شیخ عدی بن مسافر نے لالش میں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

شیخ ابو محمد قاسم البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا گیا کہ وہ کہیں "یہ میرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہے" تو میں نے مشرق و مغرب کے اولیاء کو دیکھا کہ وہ اپنے سروں کو بطور انکساری کے جھکائے ہوئے ہیں۔ سوائے ایک عجمی مرد کے۔ پس انہوں نے حکم کی تعمیل نہیں کی تو ان سے ان کا حال پوشیدہ ہو گیا۔

اور شیخ ماجد کردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بے شک جب شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا "قدمی هذه علی رقبة کل ولی اللہ" تو روئے زمین پر اس وقت کوئی ولی باقی نہ رہے مگر انہوں نے اللہ کے واسطے انکساری کرتے ہوئے اور آپ کے منصب کا اعتراف کرتے ہوئے اپنی گردن کو جھکا دیا ۔۔۔ تم جان لو کہ بیشک اللہ رب العلمین جل شانہٗ نے سیدنا غوث اعظم

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس بات پر قدرت دی ہے کہ وہ مخلوق کے ظاہر و باطن میں تصرف کریں۔ اور اپنا حکم جنات اور انسان پر جاری کریں۔ اور پوشیدہ باتوں سے اطلاع دیں۔ اور رازوں کو ظاہر کریں۔ اور لوگوں کے خیالات پر بات کریں۔ اور غیبی ہدیے عطا فرمائیں۔ اور پریشانیوں اور مصیبتوں کو دور فرمائیں۔ اور زندہ کریں اور مردہ کریں۔ اور مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو شفا بخشیں اور بیماروں کو اچھا کریں۔ اور زمان و مکان کو طے کریں۔ اور زمین و آسمان میں اپنا حکم نافذ کریں اور پانی پر چلیں۔ اور فضا میں پرواز کریں۔ اور لوگوں کے دلوں کو پھیر دیں۔ اور غیب سے چیزوں کو حاضر کریں۔ اور گذشتہ اور مستقبل کی خبر دیں۔ اور خرق عادت افعال کو صادر فرمائیں۔ قابل اعتماد ائمہ سے بہت ساری روایتیں آئی ہیں جو اس بات پر گواہی دیتی ہیں کہ بیشک یہ سارے امور ان کے رب کے حکم سے واقع ہو چکے ہیں۔ جیسا کہ امام زمانہ نورالدین ابوالحسن علی شطنوفی اور امام اجل عفیف الدین عبداللہ اور ان دونوں کے علاوہ حضرات نے اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا ہے — شیخ عمر بن مسعود بزاز اور شیخ ابوحفص عمر کیمانی سے روایت ہے دونوں حضرات نے فرمایا کہ ہمارے مرشد شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مجلس میں عام لوگوں کے سامنے فضا میں چلتے تھے۔ اور فرماتے تھے سورج نہیں طلوع ہوتا ہے جب تک مجھ کو سلام نہ کر لے اور سال آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور مہینہ آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ اور ہفتہ آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور دن آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور میرے رب کی عزت کی قسم بیشک نیک بخت اور بدبخت لوگ میرے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ میری آنکھ لوح محفوظ پر ہے۔ میں علم الٰہی کے سمندروں میں غوطہ زن ہوں۔ اور اس کے مشاہدہ میں مستغرق ہوں۔ میں تم سب پر اللہ کی دلیل ہوں۔ میں زمین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب اور ان کا وارث ہوں۔

اور آپ نے رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام کو زندہ کرنے اور مسلمانوں کے دین کو نیا کرنے اور فقہاء اور محدثین کی فوج تیار کرنے اور علماء و مشائخ اور صالحین کی فوج کو سنت کی اشاعت اور شریعت کی ترویج اور دین کی حمایت کیلئے کھڑا کرنے کے بعد ۱۱ ربیع الآخر ۵۶۱ھ میں رحلت فرمائی۔ پس اللہ احسن الخالقین ان سے راضی ہوا اور درود و سلام نازل ہو افضل المرسلین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے تمام آل اور اصحاب اور ان کے پیروکار اور ان کے فرزند غوث اعظم جیلانی پر۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

(امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

آپ اسلام اور مسلمانوں کے پیشوا ہیں۔ رب العلمین کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہیں۔ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے معجزوں میں سے ایک معجزہ ہیں۔ اعلیحضرت بریلوی کے نام سے مشہور ہیں۔ رضی عنہ ربہٗ القوی۔ شہر بریلی شریف میں ۱۰ شوال ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء میں پیدا ہوئے۔ اور وہیں اپنے دادا بزرگوار امام رضا علی خاں رضی عنہ ربہ الرحمن کے زیر نگرانی پرورش پائی۔ اور اپنے والد علامہ مولانا نقی علی خاں بریلوی کے پاس اور علامہ مولانا عبدالعلی رامپوری کے پاس تعلیم حاصل کی اور آپ تیرہ سال دس ماہ کی عمر میں تمام علوم شرعیہ کے عالم اور جمیع علوم عقلیہ کے ماہر ہو گئے۔ اور امام سید آل رسول مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سلسلہ عالیہ قادریہ میں ۵ جمادی الآخری ۱۲۹۴ھ میں بیعت کی اور ان سے علوم طریقت حاصل کیا۔ اور آپکی حیات مبارکہ دین اور علوم کے زندہ کرنے کیلئے تھی۔ لیکن آپکی طبیعت کا میلان پہلے (احیاء دین) کی جانب تھا۔ اور آپ نے بہت سی دینی کتابیں تصنیف فرمائی یہاں تک کہ آپکی تصانیف کی تعداد ہزار سے زیادہ ہو گئی۔ انھیں میں سے فتاویٰ رضویہ ہے جو بارہ ضخیم (موٹی) جلدوں پر مشتمل ہے۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سے ان علوم کو زندہ فرمایا جن کی نشانیاں مٹ چکی تھیں جیسے تکسیر، توقیت، جبر، مقابلہ، جفر وغیرہ۔

اور آپ جب حرمین شریفین (مکہ، مدینہ) حج و زیارت کے لئے تشریف لے گئے۔ اور آپ کا علمی دبدبہ چاروں طرف پھیلا تو آپکی خدمت میں حرمین کے بڑے بڑے علماء حاضر ہوئے اور وہ لوگ آپکے دست مبارک پر بیعت ہوئے۔ اور آپ سے اجازت و خلافت حاصل کی۔ اور ان میں سے بعض حضرات نے زبان و قلم سے کئی بار اعلان فرمایا کہ بے شک اعلیحضرت شیخ احمد رضا خاں اس زمانہ میں دین و ملت کے مجدد ہیں۔ اور ایشیاء اور افریقہ کے بہت سے علماء امور شریعت و طریقت میں آپ سے استفادہ کرتے تھے۔ اور آپکی عظیم سیرت میں سے یہ ہے کہ آپ نے سید انس و جاں علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کی سنتوں کو عمل اور قلم اور زبان کے ذریعہ ہمیشہ زندہ کیا۔ اور ہر وقت ہر لمحہ اس کی ترویج کے لئے کوشش کی۔ اور آپکی عظیم سیرت میں سے یہ بھی ہے کہ آپ اپنے بچپن کے زمانہ ہی سے بدمذہب بے دینوں اور مرتدین سے بیزاری ظاہر کرتے۔ اور ان پر سختی کرتے رہے۔ اور آپکی

یہ بھی ہے کہ جبکہ آپ سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ناموس کے لئے ڈھال بنگئے۔ جس وقت کہ ہندوستان کے دشمنان رسول نے اپنے اقوال خبیثہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں شائع کیا۔ اور اسی میں سے ہے کہ آپنے الگ سے فرق باطلہ جیسے قادیانی، نیچری، فلسفی، یہودی، نصاریٰ، مجوسی، ہندو قوم، دیوبندی، رافضی، خارجی، وہابی، دہریہ اور ندوی وغیرہ کے رد میں کتابیں تصنیف فرمائیں۔

اور آپکے بڑے بڑے خلفاء میں سے آپکے بڑے صاحبزادے حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خان اور آپکے چھوٹے صاحبزادے مفتی اعظم شاہ مصطفیٰ رضا خان، عالم شہیر محدث کبیر سید محمد عبد الحی حسنی فاسی بن سید عبد الکبیر جو باشندہ ہیں بلاد مغرب افریقہ کے، رئیس العلماء مولانا شیخ صالح کمال مکہ شریف کے مفتی حنفیہ اور فاضل جلیل مولانا سید اسمٰعیل بن مولانا سید خلیل مکی، مولانا شیخ علامہ محمد عابد بن حسین مکہ معظمہ کے مفتی مالکیہ، مولانا شیخ عبد اللہ بن مولانا شیخ احمد ابو الخیر میرداد مکی، مولانا سید عبد اللہ دحلان مکی، مولانا سید سالم بن عیدروس ... علوی حضرمی اور مولانا سید علوی بن حسن الکاف حضرمی، مولانا ضیاء الدین مہاجر مدنی، راس المفسرین سید نعیم الدین مراد آبادی، خاتم الفقہاء امجد علی، شیخ المحدثین سید دیدار علی، ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری، فقیہ اعظم مولانا ابو یوسف محمد شریف پنجابی، مولانا عبد السلام جبل پوری اور ان کے علاوہ بہت سے مشہور خلفاء ہیں۔ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

اور آپ نے ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ بروز جمعہ مبارکہ ۲ بجکر ۳۸ منٹ پر انتقال فرمایا مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء۔ جان لو کہ بے شک تمام علماء ومشائخ اس بات پر متفق ہیں کہ بے شک امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ چودھویں صدی ہجری کے مجدد ہیں۔

(حافظ دین وملت)

بانی الجامعۃ الاشرفیہ عربی یونیورسٹی مبارکپور۔ قدس سرہ العزیز

۱۳۱۲ھ — ۱۳۹۶ھ

آپ عبد العزیز بن حافظ غلام نور بن عبد الرحیم مراد آبادی ہیں۔ حافظ دین وملت متفرق علوم کے جامع، علوم اسلامیہ میں ممتاز زمانہ، فنون عقلیہ میں نادر روزگار، اسلام اور مسلمانوں کے خدمت گار، اور بانی الجامعۃ الاشرفیہ اور علماء پیدا کرنے والے ہیں۔

آپکی پیدائش حافظ ملت بروز دوشنبہ ۱۳۱۲ھ موضع بھوجپور ضلع مراد آباد (ہندوستان) میں پیدا ہوئے۔ آپکے دادا بزرگوار نے آپکا نام شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے نام

پر رکھا۔ اور فرمایا عنقریب یہ میرا بیٹا دین کا بڑا عالم ہوگا۔

آپکی پرورش حافظ ملت ایک غریب خاندان میں، نیک دینی، ہدایت یافتہ اسلامی ماحول میں پروان چڑھے۔ اور آپ کا خاندان بزرگی اور شرافت میں مشہور تھا۔ اور آپکے والد گرامی اور دادا بزرگوار دیندار تھے۔ اور آپکے خاندان کا ہر فرد دینی رنگ میں رنگا ہوا تھا۔

آپکی تعلیم حافظ ملت تعلیم میں اپنے باپ دادا کے طریقے پر چلے۔ پس آپنے قرآن مجید اپنے والد بزرگوار کے پاس حفظ کیا۔ اور ابتدائی درجوں کی تعلیم مکمل کی۔ اور فارسی کی ابتدائی تعلیم مولوی عبد المجید مراد آبادی اور حافظ نور بخش سے اپنے وطن ہی میں حاصل کی۔ پھر آپکی تعلیم منقطع ہوگئی۔ اور آپ اپنے وطن ہی میں مدرسہ حفظ القرآن میں مدرس اور بڑی جامع مسجد میں امام مقرر ہوگئے۔ اسی طرح پانچ سال گذر گئے۔ پھر آپ اعلیٰ تعلیم کی طرف مائل ہوئے۔ اور جامعہ نعیمیہ مراد آباد میں داخلہ لیا۔ اور اسمیں تین سال تک تعلیم حاصل کی۔ لیکن شرح جامی سے آگے نہ پڑھ سکے۔ پھر آپ دوسرا مدرسہ اور مہربان ومخلص استاذ کی تلاش کرنے لگے۔ یہاں تک کہ صدر الشریعہ فقیہ اسلامی میں ممتاز علامہ امجد علی اعظمی (مؤلف بہار شریعت) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۱۳۶۷ھ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنا مقصد بیان کیا۔ تو آپ نے قبول فرمالیا۔ اور مدرسہ معینیہ اجمیر شریف میں آنے کا حکم دیا۔ تو حافظ ملت نے اس مدرسہ میں شوال ۱۳۴۲ھ میں داخلہ لیا اور پڑھتے رہے۔ اور شیخ جلیل صدر الشریعہ سے اپنے ساتھیوں شیخ کبیر محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۱۳۸۲ھ) اور شیخ المنعم مولانا غلام جیلانی میرٹھی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (مؤلف البشیر القاری والبشیر الکامل والبشیر الناجیہ) اور مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمن اڑیسوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ان لوگوں کے علاوہ کے ساتھ استفادہ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ آپ نے اپنی تعلیم مکمل فرمائی اور علوم ومعارف کے حامل ہوکر ۱۳۵۱ھ میں سند فراغت حاصل کی۔ اور اسمیں کوئی شک نہیں ہے کہ صدر الشریعہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی توجہ آپکی طرف زیادہ تھی۔ اور آپکو بڑا فائدہ پہونچا یہاں تک کہ حافظ ملت کی شخصیت کو تاریخ کی ان بڑی شخصیتوں میں سے بنادیا جن پر زمانہ فخر کرتا ہے۔

مبارکپور میں آپکی تشریف آوری حافظ ملت تعلیم کی تکمیل کے بعد شیخ صدر الشریعہ کی خدمت میں شہر بریلی شریف میں سال بھر تک رہے۔ اور اسی زمانے میں شیخ صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی (مؤلف خزائن العرفان) نے آپکو شعبان ۱۳۵۲ھ میں آگرہ کی جامع مسجد میں امام مقرر کرنا چاہا! تو آپنے انکار کر دیا اور کہا کہ میں ملازمت نہیں کروں گا۔ اور حافظ ملت اسلام کی بے لوث خدمت کرنا چاہتے تھے۔

لیکن شیخ صدرالشریعہ نے انہیں اسی سال بریلی شریف طلب فرمایا اور ان کو مدرسہ اشرفیہ مبارکپور ضلع اعظم گڈھ میں تدریسی خدمت کرنے کا حکم دیا تو حافظ ملت نے استاذ کے حکم کو مانتے ہوئے مبارکپور ۲۹ شوال ۱۳۵۲ھ میں اپنی تشریف آوری سے مشرف فرمایا۔ اور تدریس میں مشغول ہو گئے۔ اور تدریس و تعلیم پر چھیالیس سال کے نیم صدی تک نہایت رعب و دبدبہ شان و شوکت اور نام کی شہرت کے ساتھ بلند مرتبہ ہو کر مقیم رہے۔ جن سے مثالیں دی جاتی ہیں۔ اور جنکی طرف رخت سفر باندھا جاتا ہے۔ اور ہر چہار جانب سے طلبہ آتے ہیں۔

اور آپ صرف ایک قابل مدرس ہی نہیں بلکہ ایک ماہر خطیب بھی تھے۔ اور ہندوستان کے مختلف اطراف کا دورہ فرماتے تھے۔ اور اپنی خطابت سے تبلیغ اسلام فرماتے تھے۔ جس طرح آپ ایک مدرس و خطیب تھے اسی طرح ایک مصنف بھی تھے۔ اور چند کتابیں بھی تصنیف فرمائی جن میں سے معارف الحدیث و فتاوی عزیزیہ اور الصباح الجدید جو جماعت میں سے فرقہ دیوبندیہ کی رد میں ہے اور ان کے علاوہ کئی مفید کتابیں ہیں۔ تاہم آپکی پوری توجہ مدرسہ کی جانب تھی۔ اور مدرسہ کی ترقی کیلئے ہمیشہ کوشش کرتے رہے۔ اور اس راستے میں اپنی پوری جدوجہد کرتے رہے اور ترقی دیتے رہے اور اسکو آگے بڑھاتے رہے۔ اور مدرسہ کو جامعہ کی شکل میں تبدیل کرنے کا عزم مصمم کر چکے تھے آخر کار انہیں کامیابی نصیب ہوئی — اور جب آپ مبارکپور تشریف لائے تو مدرسہ اشرفیہ کو ایک مکتب کی شکل میں پایا۔ تو پہلے آپنے اسے مدرسہ کی شکل میں ترقی دی۔ اور آپ مطمئن نہ ہوئے اور چین سے نہ بیٹھے یہاں تک کہ اسکو یونیورسٹی تک پہونچا دیا اور جب جامعہ کی تکمیل فرمائی تو دنیا سے رحلت فرما گئے۔

حضور حافظ ملت نے کئی ایک لاثانی کارنامے انجام دیئے جن میں سے ایک الجامعۃ الاشرفیہ کی تعمیر ہے۔ جو بلاشبہ ایسا کارنامہ ہے جسکو ہندوستان میں آپ سے پہلے کسی نے نہیں انجام دیا۔ حافظ ملت کے دل میں ایک زمانہ سے اہلسنت کیلئے ایک بڑے جامعہ کی تعمیر کی خواہش موجزن تھی۔ اور اس مبارک مقصد کو پانے کیلئے آپ انتہائی کوشش کرتے رہے اور اس کے درپے رہے حتیٰ کہ پروردگار عالم نے اس عظیم امر کی توفیق بخشی اور ۱۳۹۲ھ مطابق ۱۹۷۲ء میں حضور مفتی اعظم ہند شاہ محمد مصطفےٰ رضا خاں بریلوی ابن اعلیحضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دست مبارک سے جامعہ کا سنگ بنیاد مبارکپور میں رکھا گیا۔ اور ایک ہی سال میں اسکی تعمیر مکمل ہوگئی اور ابھی یا تمام ہوگئی۔ اور ۱۳۹۳ھ میں جامعہ کی عمارت مکمل ہونے کے بعد ہی آپ درس و تدریس کا کام شروع ہوگیا۔ اور آج جامعہ اپنی عظیم تعلیمی خدمات میں مشغول ہے۔ اور برابر ترقی کرتا رہیگا، اور اس کی خدمات روز بروز زیادہ ہوتی رہے گی —

(ان کارناموں میں سے) **علماء کا گروہ تیار کرنا** حضور حافظ ملت علیہ الرحمہ اپنے عالم شباب سے تا عمر ہمیشہ تدریسی خدمت انجام دیتے رہے حتیٰ کہ آپ نے اس دن بھی درس دیا جس دن آپکی وفات ہوئی۔ اور ہزاروں ممتاز علما، مبلغین، مقررین اور مدرسین کو پیدا فرمایا۔ یہاں تک کہ آپ کے دست مبارک سے فارغ ہونے والے علما کی تعداد دس ہزار سے زیادہ ہوگئی —

(ان کارناموں میں سے) **مبارکپور میں ایک بڑی جامع مسجد کی تعمیر** اس جامع مسجد کا سنگ بنیاد ۱۳۷۰ھ میں رکھا گیا۔ اور چند سالوں میں اسکی تعمیر مکمل ہوگئی۔ اور بلاشبہ یہ مسجد اعظم گڈھ کی سب سے بڑی مسجد ہے۔ بلکہ اس جیسی مسجد ہندوستان کے اکثر ضلعوں میں نہیں پائی جاتی۔ اور اسمیں پانچ ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔

آپکی وفات آپ نے مبارکپور میں بروز دوشنبہ جمادی الاخریٰ ۱۳۹۶ھ کی دوسری نصف شب مطابق ۳۱ مئی ۱۹۷۶ء میں رحلت فرمائی۔ اور مزار مبارک جامعہ کے دارالاقامہ کے پہلو میں زیارت گاہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مرقد کو منور فرمائے۔ اور انہیں اپنی جنت کے وسط میں جگہ عطا فرمائے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیٰ افضل خلقہ نبینا سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین ۰

(جواہر غالیہ)

(قیمتی موتیاں)

مشکل کشا امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ عنا نے فرمایا
(ہم اپنے بارے میں پروردگار عالم کی تقسیم سے راضی ہیں، کہ ہمارے لئے علم ہے اور جاہلوں کے لئے مال ہے)

سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا۔
(مخلوق میں سب سے بہتر میرے سردار معبود العلمین کے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم، پر سلام ہو)
(خوش خبری دینے والے، ڈرانیوالے، ہاشمی (خاندان والے) بزرگی و شرافت والے، شفقت کرنے والے مہربانی کرنے والے جو احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام سے موسوم ہیں)
(آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا، اور آپ سے زیادہ خوبصورت کسی عورتوں نے جنا نہیں)
(آپ ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں، گویا کہ آپکو آپکی مرضی (منشا) کے مطابق پیدا کیا گیا)

امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف کرتے اور مدد طلب کرتے ہوئے فرمایا — (آپکی ذات وہی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی لغزش سے آپکو وسیلہ

بنایا تو کامیاب ہو گئے حالانکہ وہ آپکے باپ ہیں) (اور حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی آزمائش کی گھڑی میں آپکو پکارا تو پکارتے ہی ان کی مصیبت زائل ہو گئی) (اور آپ نے حضرت قتادہ کی آنکھ میں دوبارہ بینائی عطا فرمائی اور ابن حصین کو اپنی شفا سے صحت عطا فرمائی) (اے جن و انس میں سب سے بزرگ اور اے مخلوق کے عمدہ ذخیرہ مجھے بھی اپنی بخشش عطا کیجئے اور اپنی رضا سے راضی ہو جایئے (میں آپ کی بخشش کا مشتاق ہوں والی ابو حنیفہ کے لئے ساری مخلوق میں آپ کے سوا کوئی نہیں ہے)

امام محمد بوصیری صاحب قصیدہ بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کرتے اور ان سے مطلب کرتے ہوئے فرمایا۔ (اے مخلوق میں سب سے بزرگ آپکے سوا میرا کوئی نہیں ہے جسکی میں ہجوم پریشانی کے وقت پناہ لوں) اسلئے کہ بے شک دنیا اور اس کا مال آپکی بعض بخشش ہے، اور لوح و قلم کا علم آپکے علوم کا بعض حصہ ہے) (سیدنا غوث اعظم بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بلند مقام کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا) (میں اللہ تعالیٰ کی تمام سرزمین کو رائی کی طرح اتصال کے طریقے پر دیکھ رہا ہوں) (اور اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام ولیوں کا سردار بنایا ہے پس میرا حکم ہر حال میں نافذ ہوتا ہے)

(نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کچھ احادیث کریمہ)

جو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

(۱) حدیث ابن جوزی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی فرمائی۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہر شخص میری رضا کا طالب ہے اور میں آپ کی رضا کا طالب ہوں۔

(۲) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) قسم ہے اس ذات کی جسنے مجھے حق کیساتھ مبعوث فرمایا میری حقیقت کو میرے رب کے سوا کسی نے نہیں پہچانا۔

(۳) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ اگر میں چاہتا تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلتے۔

(۴) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے آپنے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو علم طلب کرنے کیلئے نکلا تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے یہاں تک واپس ہو جائے۔

(۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت نماز ستائیس درجہ تنہا نماز پڑھنے پر فضیلت رکھتی ہے۔

(۶) حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود بھیجتا ہے۔

(۷) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور اس [illegible] جاتے ہیں اور اسکے [illegible] جاتے ہیں۔

(۸) حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ عزوجل نے انبیاء علیہم السلام کے اجسام کو کھانا حرام فرما دیا ہے پس اللہ کے نبی زندہ ہیں اور رزق دیا جاتا ہے۔

(۹) حضرت عبدالرحمن بن عائش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے اپنے پروردگار عزوجل کو بتجلی بصفت جمال دیکھا (یا اس حال میں دیکھا) میں نے جو بہترین صورت میں تھا اور پوچھا کس سلسلہ میں فرشتے بحث کرتے ہیں تو میں نے عرض کی کہ تو خوب جانتا ہے فرمایا تو اپنے دست قدرت کو میرے دونوں شانے کے درمیان رکھا تو میں نے اسکی ٹھنڈک اپنے سینہ کے درمیان پائی تو میں جو کچھ زمین و آسمان میں ہے جان گیا۔

(۱۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اہل محبت کے درود خود سنتا ہوں اور پہچانتا ہوں اور ان کے علاوہ کے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔

(۱۱) حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین کو سمیٹ دیا تو میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔

(۱۲) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ نے ارشاد فرمایا جو اللہ کی لقا کو محبوب رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسکی لقا کو محبوب رکھتا ہے اور جو اللہ کی لقا کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی لقا کو ناپسند کرتا ہے۔

(۱۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا دو کلمے ایسے ہیں جو رحمان کو محبوب ہیں زبان پر ہلکے ہیں۔ میزان میں بھاری ہیں۔ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم۔

(قرآن حکیم کے چند آیات)

(۱) بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔ (۲) اے ایمان والو اپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں۔ (۳) اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جسکو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے۔ (۴) اور اللہ ہی کا بول بالا ہے۔ (۵) تم فرماؤ کیا اللہ اور اسکی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔ (۶) اے غیب کی خبر دینے والے نبی جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو۔ (۷) اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نہ کہا اور بے شک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آکر کافر ہو گئے۔ (۸) اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ (۹) سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم۔ (۱۰) اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے (۱۱) اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کیلئے۔ (۱۲) تم فرماؤ اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی

اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ (۱۳) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور انکے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں۔ اور آپس میں نرم دل۔ (۱۴) اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے نبی کی آواز سے۔ (۱۵) اور عیب نہ ڈھونڈو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔ (۱۶) اور میں نے جن اور آدمی اتنے ہی لئے بنائے کہ میری بندگی کریں۔ (۱۷) اور عزت تو اللہ اور اسکے رسول اور مسلمانوں کیلئے ہے مگر منافقوں کو خبر نہیں۔ (۱۸) غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔ (۱۹) اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔ (۲۰) کہ تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بیشک پچھلی تمہارے لئے پہلی سے بہتر ہے اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دیگا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔ (۲۱) اے محبوب بیشک ہم نے تمہیں بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں تو تم اپنے رب کیلئے نماز پڑھو اور قربانی کرو، بیشک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔ (۲۲) تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے۔

نوٹ:۔ مذکورہ آیات کے ترجمے کنز الایمان سے لئے گئے ہیں۔

تمت بالخیر

فالحمد للہ تعالیٰ علیٰ ذالک
وصلی اللہ تعالیٰ وبارک وسلم علی النبی الکریم وعلی آلہ وصحبہ وابنہ الغوث الاعظم الجیلانی والمجدد الاعظم الامام احمد رضا البریلوی وشیخنا المکرم المفتی الاعظم مولانا الشاہ مصطفیٰ رضا خان النوری البریلوی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

محمد انور علی نوری محمد مظہر القادری
دار العلوم حمایت العلوم گجپور گرنٹ اترولہ گونڈہ یوپی
۱۴ ذی قعدہ سنہ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸ جون سنہ ۱۹۹۰ء
بروز جمعہ مبارکہ